زینب

لجنہ اماء اللہ ناروے

اپریل تا جون ۲۰۲۱

اَلسَّمِیْعُ
اَلْمُجِیْبُ
اَللَّطِیْفُ
ذُوْرَحْمَةٍ
اَلْکَرِیْمُ
اَلشَّکُوْرُ
اَلْوَدُوْدُ
اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ
اَلرَّءُوْفُ
اَلْعَلِیُّ
کَاشِفُ الضُّرِّ
اَلْمُؤَخِّرُ
اَلْغَافِرُ
ذُوْمَغْفِرَةٍ

اَلْمُعِزُّ
اَلْبَاسِطُ
اَلْمُذِلُّ
اَلْمُقَدِّمُ
اَلْوَکِیْلُ
اَلنَّافِعُ
اَلْعَفُوُّ
اَلرَّافِعُ
قَابِلُ التَّوْبِ

اللّٰہ

اَلرَّحِیْمُ

صفات باری تعالیٰ
صفت رحیمیت

سورۃالبقرہ کی پہلی سترہ آیات زبانی یاد کرنے کی اہمیت و برکات

خلاصہ کتاب فتح اسلام

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّی عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ وَعَلٰی عَبْدِہِ الْمَسِیْحِ الْمَوْعُوْدِ

خدا کے فضل اور رحم کے ساتھ

ھوالنّاصر

واجعل لی من لدنک سلطانا نصیرا
ربنا تحنا لک فتحا مبینا
ولقد نصرکم اللہ ببدر وانتم اذلۃ

امام جماعت احمدیہ

ایل۔ایس: 2507

تاریخ: 05.11.2021

مکرمہ صدر صاحبہ لجنہ اماء اللہ، ناروے

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آپ کی طرف سے رسالہ زینب جنوری تا مارچ 2021 کا شمارہ موصول ہوا۔ جزاکم اللہ تعالیٰ۔

الحمد للہ رسالہ زینب شعبہ اشاعت کی عمدہ کاوش ہے جس میں سیرت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا عدیم المثال صبر اور حضرت مسیح موعودؑ اور حضرت مصلح موعود کی خدمت اسلام پر مضامین شائع کئے گئے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ رسالہ زینب کے اس شمارہ کو تمام قارئین کے لئے اضافۂ علم کا باعث بنائے اور شعبہ اشاعت کی ٹیم کے ایمان، اخلاص اور علم میں تقویت عطا فرمائے آمین۔

تمام لجنہ و ناصرات کو میرا محبت بھرا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ پہنچادیں۔

والسلام

خاکسار

[signature]

خلیفۃ المسیح الخامس

اداریہ

اَلَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خٰشِعُوْنَ (المؤمنون:3) وہ جو اپنی نماز میں عاجزی کرنے والے ہیں۔

"خاشع" کے عام معنی کیے جاتے ہیں کہ نماز میں گریہ وزاری کرنے والا۔ لغات کے مطابق خشوع کے یہ معنی ہیں کہ انتہائی عاجزی اختیار کرنا۔ اپنے آپ کو بہت نیچے کرنا۔ اپنے نفس کو مٹا دینا۔ تذلّل اختیار کرنا۔ اپنے آپ کو کمتر بنانے کے لیے کوشش کرنا۔ نظریں نیچی رکھنا۔ آواز کو دھیما اور نیچا رکھنا۔

جو انسان خدا تعالیٰ کے آگے اپنی عبادتوں کے یہ معیار حاصل کرنے کے لیے جھکے گا، اپنی عاجزی کو انتہا پر پہنچانے والا ہو گا، اپنے نفس کو خدا تعالیٰ کی رضا کے حصول کے لیے مٹانے والا ہو گا اور جو دوسری خصوصیات بیان کی گئی ہیں ان کو اپنانے والا ہو گا تو پھر وہ جہاں خدا تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے والا ہو گا وہاں وہ اس طرف بھی توجہ دے گا کہ میں نے اللہ تعالیٰ کا حق ادا کرنے کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق مخلوق کا بھی حق ادا کرنا ہے اور پھر یہ نمازیں اس کے دنیاوی معاملات سلجھانے والی بھی بن جائیں گی۔

آنحضرت ﷺ کی عبادتوں کی خوبصورتی اور خشوع کا ہم تصوّر بھی نہیں کر سکتے۔ آپ ﷺ فرماتے ہیں کہ میں بھی جنت میں خدا تعالیٰ کے فضل سے جاؤں گا۔(*صحیح البخاری کتاب الطب باب تمنی المریض الموت حدیث نمبر 5673 دار الکتاب العربی بیروت 2004ء*) تو پھر کسی اور کا صرف عمل اسے کس طرح جنت میں لے جاسکتا ہے یا اللہ تعالیٰ اس سے راضی رہ سکتا ہے۔ آنحضرت ﷺ ان تمام باتوں کے باوجود کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو ضمانت دی ہوئی تھی اور انہوں نے دنیا کی اصلاح کرنی تھی، اسی کے لیے آئے تھے اور آپ ﷺ کے عمل جیسا عمل تو کسی کا نہیں ہو سکتا، وہ بھی اپنے خشوع و خضوع کو اس طرح بڑھاتے ہیں کہ نوافل میں یہ احساس ہی نہیں رہتا کہ پاؤں بھی متورّم ہو گئے۔ تو اللہ تعالیٰ کے فضل کو جذب کرنے کے لیے مسلسل عاجزی اور اللہ تعالیٰ کا خوف ہے جو ہر ایک کو اپنے سامنے رکھنا چاہیے۔

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کا نماز میں عاجزی وانکساری کا یہ عالم تھا کہ ایک وقت کی نماز بھی بے وقت نہ ہونے دیتے۔ اپنے اوقات پر نماز ادا کرتے بلکہ مقدمات کے وقت بھی نماز کو ضائع نہ ہونے دیتے۔ چنانچہ ایک دفعہ تو ایسا ہوا کہ آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ایک ضروری مقدمہ کے لیے جس کا اثر بہت سے مقامات پر پڑتا تھا اور جس کے آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے حق میں ہو جانے کی صورت میں آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کا کے بہت سے حقوق محفوظ ہو جاتے تھے عدالت میں تشریف لے گئے۔ اس وقت کوئی ضروری مقدمہ پیش تھا، اس میں دیر ہوئی اور نماز کا وقت آ گیا۔ جب آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے دیکھا کہ مجسٹریٹ تو اس مقدمہ میں مصروف ہے اور نماز کا وقت تنگ ہو رہا ہے تو آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس مقدمہ کو خدا کے حوالے کیا اور خود ایک طرف جا کر وضو کیا اور درختوں کے سائے تلے نماز پڑھنی شروع کر دی۔ جب نماز شروع کر دی تو عدالت سے آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے نام پر آواز پڑی۔ آپ آرام سے نماز؛ پڑھتے رہے اور بالکل اس طرف توجہ نہ کی۔

جب خدا تعالیٰ کا فیضان کسی عمل کے بغیر ہو تو وہ رحمانیت کی صفت سے ہوتا ہے۔ لیکن جب انسان نماز اور یادِ الٰہی میں خشوع کی حالت اختیار کرتا ہے تب اپنے تئیں رحیمیت کے فیضان کے لیے مستعد بناتا ہے۔

فہرست مضامین

القرآن الکریم	2
حدیث نبوی ﷺ	2
کلام الامام	3
نظم	4
خطبہ عید الاضحیٰ	5
صفات باری تعالیٰ	12
گھروں کے سکون، تربیت اولاد، معاشرتی برائیوں اور موذی امراض	16
سورۃ البقرہ کی پہلی سترہ آیات کو یاد کرنے کی اہمیت و برکات	18
خلاصہ کتاب فتح اسلام	20
اہرامِ مصر	23
دھنک کے رنگ آپ کے سنگ	25
پکوان	26
حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ ناروے کی واقفاتِ نو کی کلاس	27
اُمّ المؤمنین حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا	29
صحت کارنر	30
یادِ رفتگان	31
دعائیہ اعلانات	34
ناصرات کارنر	35

مجلسِ ادارت

امیر جماعت ناروے
محترم چوہدری ظہور احمد صاحب

صدر لجنہ اماء اللہ
محترمہ بلقیس اختر صاحبہ

نیشنل سیکرٹری اشاعت
منصورہ نصیر

نائبہ سیکرٹری اشاعت
صدیقہ وسیم

مدیرہ حصہ نارویجن
مہرین شاہد

پروف ریڈنگ حصہ اردو
عفیفہ نجم
طاہرہ زرتشت

گرافک ڈیزائنر
فاکہہ چوہدری
فریدہ ظہور
ضویا سامہ شاہد
ماہم نعیم

پرنٹنگ
شمسہ خالد

شائع کردہ
شعبہ اشاعت لجنہ اماء اللہ ناروے

Baitun Nasr Moské
Søren Bulls vei 1
1051 Oslo
kontakt@ahmadiyya.no

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام کے ساتھ جو بے انتہار حم کرنے والا، بن مانگے دینے والا (اور) بار بار رحم کرنے والا ہے

القرآن الکریم

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ اَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَ اُولِي الْاَمْرِ مِنْكُمْ ۚ فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِيْ شَيْءٍ فَرُدُّوْهُ اِلَى اللّٰهِ وَ

الرَّسُوْلِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّ اَحْسَنُ تَاْوِيْلًا ﴿۶۰﴾

ترجمہ: اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو اور اپنے حکام کی بھی۔ اور اگر تم کسی معاملہ میں (اُولوالامر سے) اختلاف کرو تو ایسے معاملے اللہ اور رسول کی طرف لوٹا دیا کرو اگر (فی الحقیقت) تم اللہ پر اور یومِ آخر پر ایمان لانے والے ہو۔ یہ بہت بہتر (طریق) ہے اور انجام کے لحاظ سے بہت اچھا ہے۔

(النسآء:60)

حدیث نبوی ﷺ

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَطَاعَنِيْ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ وَمَنْ عَصَانِيْ فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ، وَمَنْ يُّطِعِ الْاَمِيْرَ فَقَدْ اَطَاعَنِيْ وَمَنْ يَّعْصِ الْاَمِيْرَ فَقَدْ عَصَانِيْ۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا: جس نے میری اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی۔ جس نے میری نافرمانی کی اس نے اللہ کی نافرمانی کی۔ جس نے حاکمِ وقت کی اطاعت کی اس نے میری اطاعت کی۔ جو حاکم وقت کا نافرمان ہے وہ میرا نافرمان ہے۔

(حدیقۃ الصالحین، ایڈیشن 2003ء، صفحہ 617 – 618)

کلام امام الزّماں علیہ الصلوٰۃ والسلام

حضرت بانیٔ سلسلہ عالیہ احمدیہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں:

’’سو یہ بات بغیر کسی بحث کے قبول کرنے کے لائق ہے کہ وہ سچا اور کامل خدا جس پر ایمان لانا ہر ایک بندہ کا فرض ہے وہ ربّ العالمین ہے اور اس کی ربوبیت کسی خاص قوم تک محدود نہیں اور نہ کسی خاص زمانہ تک اور نہ کسی خاص ملک تک بلکہ وہ سب قوموں کا رب ہے اور تمام زمانوں کا رب ہے اور تمام مکانوں کا رب ہے اور تمام ملکوں کا وہی رب ہے اور تمام فیوض کا وہی سر چشمہ ہے اور ہر ایک جسمانی اور روحانی طاقت اسی سے ہے اور اسی سے تمام موجودات پرورش پاتی ہیں اور ہر ایک وجود کا وہی سہارا ہے۔ خدا کا فیض عام ہے جو تمام قوموں اور تمام ملکوں اور تمام زمانوں پر محیط ہے۔ یہ اس لیے ہوا کہ کسی قوم کو شکایت کرنے کا موقع نہ ملے اور یہ نہ کہیں کہ خدا نے فلاں فلاں قوم پر احسان کیا مگر ہم پر نہ کیا۔ یا فلاں قوم کو اس کی طرف سے کتاب ملی تا وہ اس سے ہدایت پاویں مگر ہم کو نہ ملی۔ یا فلاں زمانہ میں وہ اپنی وحی اور الہام اور معجزات کے ساتھ ظاہر ہوا مگر ہمارے زمانہ میں مخفی رہا۔ پس اس نے عام فیض دکھلا کر ان تمام اعتراضات کو رفع کر دیا اور اپنے ایسے وسیع اخلاق دکھلائے کہ کسی قوم کو اپنے جسمانی اور روحانی فیضوں سے محروم نہیں رکھا اور نہ کسی زمانہ کو بے نصیب ٹھہرایا‘‘۔

(پیغامِ صلح، روحانی خزائن جلد 23، صفحہ 442)

پاکیزہ منظوم کلام

حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کا پاکیزہ منظوم کلام

بشیر احمد شریف احمد اور مبارکہ کی آمین

کوئی اس پاک سے جو دل لگاوے — کرے پاک آپ کو تب اس کو پاوے
جو مرتا ہے وہی زندوں میں جاوے — جو جلتا ہے وہی مردے جلاوے
ثمر ہے دُور کا کب غیر کھاوے — چلو اُوپر کو وہ نیچے نہ آوے
نہاں اندر نہاں ہے کون لاوے — غریقِ عشق وہ موتی اٹھاوے
وہ دیکھے نیستی رحمت دکھاوے — خودی اور خود روی کب اس کو بھاوے

مجھے تونے یہ دولت اے خدا دی
فَسُبْحَانَ الَّذِیْ اَخْزَی الْاَعَادِیْ

کہاں تک حرص و شوقِ مالِ فانی! — اٹھو ڈھونڈو متاعِ آسمانی
کہاں تک جوشِ آمال و امانی — یہ سو سو چھید ہیں تم میں نہانی
تو پھر کیوں کر ملے وہ یارِ جانی — کہاں غربال میں رہتا ہے پانی
کرو کچھ فکر ملکِ جاودانی — یہ ملک و مال جھوٹی ہے کہانی
بسر کرتے ہو غفلت میں جوانی — خدا کی ایک بھی تم نے نہ مانی
مگر دل میں یہی تم نے ہے ٹھانی — ذرا سوچو یہی ہے زندگانی

خدا نے اپنی راہ مجھ کو بتا دی
فَسُبْحَانَ الَّذِیْ اَخْزَی الْاَعَادِیْ

کرو توبہ کہ تا ہو جائے رحمت — دکھاؤ جلد تر صدق و انابت
کھڑی ہے سر پہ ایسی ایک ساعت — کہ یاد آجائے گی جس سے قیامت

مجھے یہ بات مولیٰ نے بتا دی
فَسُبْحَانَ الَّذِیْ اَخْزَی الْاَعَادِیْ

(از درِّ ثمین، صفحہ 55)



خطبہ عید الاضحیٰ

بیان فرمودہ سیّدنا امیر المؤمنین حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

مورخہ 31 جولائی 2020ء بمقام مسجد بیت مبارک، اسلام آباد، ٹلفورڈ (سرے)، یوکے

تشہد، تعوّذ اور سورۃ الفاتحہ کی تلاوت کے بعد امیر المؤمنین حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا آج عید الاضحیٰ ہے، وہ عید جو قربانی کی عید کہلاتی ہے۔ تمام مسلمان دنیا میں اسے بڑے شوق سے آج منا رہے ہیں اور وقت کے فرق کے ساتھ بعض جگہ کل بھی منائیں گے۔ اس قربانی کی یاد کو تازہ رکھنے کے لیے یا اس واقعے کی یاد کو تازہ رکھنے کے لیے جو چار ہزار سال سے بھی زائد عرصہ پہلے ہوا تھا مسلمان ابتدائے اسلام سے اس قربانی کی عید کو مناتے چلے آ رہے ہیں اور اتنا عرصہ گزرنے کے باوجود ایک مومن کے دل میں اس قربانی کی اہمیت اور اس کی یاد میں کوئی کمی واقع نہیں ہوئی نہ ہوتی ہے۔ ہاں بے شک ایسے بے شمار لوگ ہوں گے جو صرف ایک خوشی کی تقریب کے طور پر اس عید کو یاد رکھتے ہیں، اس کا انتظار کرتے ہیں اور اسے مناتے ہیں، جو صرف دکھاوے اور خوشی کے اظہار کے لیے جانوروں کی قربانیاں بھی کرتے ہیں **لیکن ایک مومن ایک قربانی کو یاد رکھتا ہے، اس قربانی کی اہمیت کو یاد رکھتا ہے اور اس قربانی کی روح کو یاد رکھتا ہے اور اس طرح یاد رکھتا ہے جس طرح یاد رکھنا چاہیے اور اس کا حق ہے۔ ایک مومن کے دل کو یہ قربانی کا واقعہ جس کا اظہار باپ بیٹے نے ہزاروں سال پہلے کیا تھا جذباتی کر دیتا ہے۔** عموماً انسان اپنی تکلیفیں یا غم، اس غم یا تکلیف سے نکلنے کے کچھ عرصے بعد بھول جاتا ہے، یاد نہیں رہتا کہ کس غم اور تکلیف میں سے گزرا تھا، پھر دنیا میں مصروف ہو جاتا ہے لیکن اس واقعے کو اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں محفوظ کر کے قربانی کا ایک معیار ہمیشہ کے لیے قائم فرما دیا اور پھر ایک مومن کو اس معیار کو ہمیشہ سامنے رکھنے کی ہدایت فرما کر ایک مومن کے لیے، ایک مسلمان کے لیے اس کی یاد تا قیامت قائم کر دی ہے۔ کیا اعلیٰ معیار ہے کہ آج بھی جب ہم اس واقعہ کو سنتے ہیں، اس پر غور

کرتے ہیں تو دل جذبات سے بھر جاتا ہے۔

یہ کوئی معمولی بات نہیں کہ ایک شخص کو بڑھاپے میں اولاد عطا ہوتی ہے اور اس کی عمر بھی اس وقت نوّے سال کی یا اس کے قریب ہو جاتی ہے تو اسے اللہ تعالیٰ کی طرف سے خواب میں حکم ہوتا ہے کہ اپنے لڑکے کو ذبح کر دو اور اس حکم پر اس کے ظاہری معنی لیتے ہوئے وہ اپنے اکلوتے بیٹے کو ذبح کرنے کے لیے تیار ہو جاتا ہے۔ پس اللہ تعالیٰ کی رضا اور حکم کے آگے سرِ تسلیم خم کرنے کا یہ کیا ہی اعلیٰ معیار ہے، کیا ہی اعلیٰ مقام ہے حضرت ابراہیم علیہ السلام کا کہ اس حکم کو سن کر اس لڑکے کو لٹا کر پھر چھری پھیرنے کو تیار ہو گئے اور پھر باپ ہی اس قربانی کے لیے تیار نہیں ہوا کہ اس کا ایک روحانی مقام تھا، باپ جو تھا وہ اللہ تعالیٰ کے قرب کے اعلیٰ مقام پر پہنچا ہوا تھا بلکہ اس بیٹے نے بھی بچہ ہونے کے باوجود اس بات کو تسلیم کر لیا کہ ٹھیک ہے اگر اللہ تعالیٰ کا حکم ہے کہ میں ذبح کیا جاؤں تو میں حاضر ہوں۔ اس بچے کے جواب کو بھی اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں محفوظ کر لیا اور اس بچے کا یہ جواب کہ يٰٓاَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِيْنَ۔ (الصّٰفّٰت:103)

يٰٓاَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ۔ اے میرے باپ! جو کچھ خدا کہتا ہے وہی کر۔ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِيْنَ۔ تو ان شاء اللہ تعالیٰ مجھے اپنے ایمان پر قائم رہنے والا اور صبر کرنے والا دیکھے گا۔ **قربانی دینے والوں اور خوشی سے قربانی دینے والوں اور اللہ تعالیٰ پر کامل ایمان لانے والوں کے لیے یہ جواب بھی ایک مثال بن گیا اور نوجوانوں کو بھی بتا گیا کہ یہ ہونے چاہئیں خدا تعالیٰ پر کامل ایمان رکھنے والوں اور قربانی کے لیے تیار رہنے والوں کے جواب اور معیار۔** پس اگر ہم غور کریں تو کون ہے جو اس جواب سے متاثر نہ ہو۔ بوڑھوں کے لیے قربانی دینے کی مثال قائم کی نوّے سالہ بوڑھے نے۔ بچوں اور نوجوانوں کے لیے مثال قائم کی ایک بچے نے۔ پس یقیناً جب ہم یہ واقعات سنتے ہیں اور پڑھتے ہیں تو سب جذبات سے لبریز ہو جاتے ہیں۔ اکثر کی آنکھیں آنسوؤں سے بھر جاتی ہیں مگر ہمارے لیے صرف اتنا ہی کافی نہیں ہے بلکہ ہمیں اس کے ساتھ اپنے اس عہد کہ ہر قربانی کے لیے تیار رہوں گا، اس کا بھی جائزہ لینے کی ضرورت ہے۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام کا اپنے بیٹے کی قربانی کے لیے اللہ تعالیٰ کے حکم پر تیار ہو جانا اس لحاظ سے اَور بھی زیادہ اہمیت رکھتا ہے بلکہ صرف تیار ہو جانا نہیں بلکہ عملاً اسے لٹا کر اس کی گردن پر چھری رکھ دینا کہ جب ہم حضرت ابراہیم علیہ السلام کی نرم طبیعت کو دیکھتے ہیں کہ ان کا دل دشمنوں کے لیے بھی نرمی سے بھرا ہوا تھا، برداشت نہیں تھا کہ دشمن کو بھی تکلیف ہو اور اس نرم دلی کا ایسا معیار تھا کہ جسے اللہ تعالیٰ نے بھی حضرت ابراہیم علیہ السلام کی خاص صفت قرار دے کر قرآن کریم میں محفوظ کر لیا اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بارے میں فرمایا کہ وہ حَلِيْمٌ اور اَوَّاهٌ تھا، بہت نرم دل تھا، دل رحم سے بھرا ہوا تھا اور جب یہ حالت تھی تو کیا ان کے دل میں بیٹے کے لیے درد پیدا نہ ہوا ہو گا؟ یقیناً پیدا ہوا ہو گا لیکن اس وقت اپنے اس ذاتی درد اور محبت کو ایک طرف رکھ کر انہوں نے صرف اللہ تعالیٰ کی رضا اور محبت کو ہر چیز پر مقدّم کر لیا اور اس چیز نے انہیں دوسروں سے پھر ممتاز بھی کر دیا اور یہی امتیاز ہے اور اللہ تعالیٰ سے وفا اور محبت اور قربانی دینے کا یہ معیار ہے جس کی وجہ سے تاقیامت جب مسلمان آنحضرت ﷺ پر درود بھیجیں گے تو حضرت ابراہیم علیہ السلام کا بھی ذکر ضرور ہو گا۔

اور صرف یہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی قربانی نہیں ہے بلکہ جیسا کہ قرآن کریم ہمیں بتاتا ہے دلی خوشی کے ساتھ حضرت اسماعیل علیہ السلام بھی قربانی کے لیے تیار ہوئے اور اس کا ذکر ابھی ہو چکا ہے اور ان کو بھی دوسروں سے ان کی یہ قربانی کا معیار ممتاز کر گیا۔ وہ کیوں اس قربانی کے لیے تیار ہوئے؟ **اس لیے کہ انہیں خدا تعالیٰ سے محبت کا خاص ادراک حاصل ہوا تھا۔ ان کے اندر اس ادراک کی وجہ سے یہ جذبہ پیدا ہوا کہ یہ قربانی ہماری ترقی کا موجب ہے، باپ میں بھی اور بیٹے میں بھی۔** پس ہم جب حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت اسماعیل علیہ السلام کے واقعات سن کر جذباتی ہوتے ہیں اور ہماری آنکھوں میں نمی آتی ہے تو اس لیے کہ ہمارے ذہن میں اس واقعے کا تصوّر ایک جذباتی کیفیت پیدا کر دیتا ہے لیکن شاید ہم میں سے اکثریت کے دل اس معیار اور اس کیفیت کو نہ پا سکیں جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے دل میں اس وقت تھا۔ **اس وقت ان کو خیال تھا تو صرف یہ**

کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے اپنے لیے چن کر مجھ سے ایک قربانی مانگی ہے اور اس کے عوض مجھے کیا مل رہا ہے۔ مجھے میرے خدا کا، میرے محبوب کا قرب عطا ہو رہا ہے۔ یہ سوچ تھی کہ خدا تعالیٰ میرے قریب ہو رہا ہے اور پھر یہ صرف سوچ ہی نہیں تھی بلکہ ہر مسلمان جانتا ہے، ہر قرآن پڑھنے والا جانتا ہے، ہر درود پڑھنے والا جانتا ہے کہ خدا تعالیٰ نے اس قربانی کو یاد رکھا اور قیامت تک کے لیے امر کر دیا۔ آپ علیہ السلام کی قربانی کو اللہ تعالیٰ نے ایک امتیازی نشان بنا دیا اس لیے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے درد اور غم کے جذبات پر اللہ تعالیٰ کے اس احسان کو غالب کر لیا کہ خدا تعالیٰ نے اس قربانی کے لیے مجھے چنا ہے۔ میرا احسان نہیں کہ میں اپنے بیٹے کی قربانی دے رہا ہوں یا میرے بیٹے کا کوئی احسان نہیں کہ وہ اللہ تعالیٰ کی خاطر قربانی کے لیے تیار ہے بلکہ یہ کہ مجھے اور میرے بیٹے کو اس قربانی کے لیے چنا۔ یہ ہے اللہ تعالیٰ کا احسان۔ قربانی کر کے اس سوچ کو دل و دماغ پر حاوی کیا کہ میری قربانی کی کوئی حقیقت نہیں بلکہ خدا تعالیٰ کا احسان ہے کہ اس نے مجھے اس قربانی دینے کے قابل سمجھا۔ پس ہم جب ہر قربانی کے لیے تیار رہنے کا عہد کرتے ہیں تو ہمیں بھی اس سوچ کو اپنے دل و دماغ پر حاوی کرنے کی کوشش کرنی چاہیے کہ ہماری قربانی کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کا احسان ہے کہ وہ اگر ہم سے کوئی قربانی لے اور اس کے نتیجے میں خدا تعالیٰ کا قرب عطا ہو اور حقیقت بھی یہی ہے کہ ہماری قربانیوں کی اس قربانی کے مقابلے پر کچھ بھی حیثیت نہیں ہے جو حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت اسماعیل علیہ السلام نے دی یا جس کے لیے وہ تیار ہوئے۔ ہم تو اگر دین کو دنیا پر مقدّم کرنے کے عہد پر ذرا سا بھی عمل کرتے ہیں تو اللہ تعالیٰ اس طرح نوازتا ہے کہ جس کی انتہا نہیں۔ بے شمار احمدی اس کا تجربہ رکھتے ہیں۔ بے شمار خطوط مجھے اس بارے میں آتے ہیں کہ کس طرح اللہ تعالیٰ نے ان کی معمولی قربانی کو بھی نوازا۔ مالی قربانی کرتے ہیں تو چند گھنٹوں میں اس کا اجر انہیں مل جاتا ہے یا اور بھی اس طرح کی بہت ساری مثالیں ہیں۔ پس یہ جذبہ عارضی نہیں ہونا چاہیے بلکہ مستقل ہونا چاہیے۔ صرف ایک دفعہ ہی اللہ تعالیٰ کے فضلوں اور احسانوں سے فیضیاب نہ ہوں بلکہ اللہ تعالیٰ کے قرب کے حصول کی خواہش اور اس کے لیے کوشش زندگی کا مستقل حصہ بن جائے تب ہم کہہ سکتے ہیں کہ ہم اپنے عہد کو پورا کرنے کی کوشش کرنے والے ہیں اور یہ کوشش ہے جو پھر آگے جاگ لگاتی چلی جاتی ہے، نیکیوں کے اثر آگے اگلی نسلوں پر نظر آتے چلے جاتے ہیں، اِلّا ماشاء اللہ۔ اللہ تعالیٰ کے قرب پانے کی سوچ پھر ہمیشہ قائم رہتی ہے۔ بیوی بچوں کو بھی یہی ادراک ہوتا ہے کہ خدا تعالیٰ کی رضا کا حصول اور اس کا قرب پانا ہماری زندگی کا مقصد ہے۔ پس یہ ماحول گھروں میں پیدا کرنے کے لیے دعاؤں اور عمل کی ضرورت ہے۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام کا بیٹے کی گردن پر چھری پھیرنے کے لیے تیار ہونا اور بیٹے کا اپنی گردن پر چھری پھروانے کے لیے تیار ہو جانا یقیناً ایک بہت عظیم جذبہ ہے اور اللہ تعالیٰ نے اس جذبے کی قدر بھی کی اور اس جذبے کو قبول فرماتے ہوئے عملاً بیٹے کی گردن پر چھری پھیرنے سے روکتے ہوئے یہ فرمایا کہ **قَدْ صَدَّقْتَ الرُّءْيَا ۚ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ**۔ (الصّٰفّٰت: 106)

کہ تُو اپنی رؤیا پوری کر چکا۔ چھری پھیرنے کی اب ضرورت نہیں۔ ہم اسی طرح محسنوں کو بدلہ دیا کرتے ہیں۔ محسنوں کا بدلہ کیا ہے؟ محسنوں کا بدلہ یہ ہے کہ تجھے اور تیرے بیٹے کو انتہائی قرب کا مقام بخشا ہے۔ اس قرب کا مقام بخشنے کے بعد پھر قربانیوں کا دَور ختم نہیں ہوا کہ ایک قربانی کر دی، مقام بخش دیا، اب قربانیوں کا دَور ختم ہو گیا، بلکہ پھر اس کے بعد مزید نئی قربانیوں کا دَور شروع ہوتا ہے تاکہ اس قربانی کے نتیجے میں اللہ تعالیٰ کے قرب کے مزید نظارے یہ دونوں دیکھیں بلکہ صرف یہ دونوں نہیں بلکہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی بیوی اور حضرت اسماعیل علیہ السلام کی والدہ کو بھی اس میں شامل کر لیا کہ وہ بھی نظارہ دیکھیں تاکہ مردوں کے لیے مثال قائم ہو جائے کہ تمہاری نیکیوں اور خدا تعالیٰ سے تعلق کا اثر تمہاری بیویوں پر بھی ظاہر ہو، اگر حقیقی نیک ہو تو صرف اپنے تک محدود نہ ہو بلکہ بیویوں پر بھی اثر ظاہر ہونا چاہیے۔

عورت کو اس قربانی میں شامل کر کے عورتوں کے لیے بھی مثال قائم کر دی کہ نیک عورت اللہ تعالیٰ پر توکّل کرتی ہے، اس کے آگے جھکتی ہے، اس کا قرب حاصل کرتی ہے تو اسے بھی خدا تعالیٰ نہیں چھوڑتا۔ چنانچہ

ہم دیکھتے ہیں کہ چھری پھیرنے سے بھی بڑی قربانی پیش کرنے کے لیے پورے خاندان، میاں بیوی اور بیٹے کو اللہ تعالیٰ نے کہا کہ چھری پھیرنا تو ایک وقتی قربانی تھی، ایک وقت میں ہی جذبات کی قربانی تھی لیکن ان تینوں سے جس قربانی کا مطالبہ کیا گیا وہ تھی تنہائی کی، جدائی کی اور خوف کی حالت کی مستقل قربانی۔ پس ان تین قربانیوں کا مطالبہ کیا گیا تو ان تینوں نے اسے بھی قبول کر لیا۔ اور پھر حضرت ابراہیم علیہ السلام حضرت ہاجرہ اور حضرت اسماعیل علیہ السلام کو لے کر ایسی جگہ پہنچے جہاں میل ہا میل تک کوئی آبادی نہیں تھی بلکہ بے آب و گیاہ جگہ تھی۔ نہ پانی تھا، نہ کسی خوراک کا انتظام تھا۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بیوی اور بیٹے کو صرف ایک مشکیزہ پانی اور کھجوروں کی ایک تھیلی کے ساتھ اس جگہ چھوڑ دیا۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو پتہ تھا کہ یہ مشکیزہ جب ختم ہو جائے گا اور یہ کھجوروں کی تھیلی جب ختم ہو جائے گی تو نہ پانی میسّر ہو گا، نہ کھانے کو کچھ میسّر ہو گا۔ پھر پتہ نہیں کس طرح میرے بیٹے اور میری بیوی کا گزارا ہو لیکن اللہ تعالیٰ کا حکم تھا اس قربانی کا، اس لیے اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے یہ قربانی کر رہے تھے۔ بہر حال جب بیوی بیٹے کو اس تھوڑی سی مقدار میں پانی اور خوراک کے ساتھ اس جگہ چھوڑ کر واپس لوٹنے لگے اور بیوی کو نہ بتایا کہ اب تم نے یہاں اکیلے ہی رہنا ہے تو حضرت ہاجرہ نے محسوس کر لیا کہ یہ جدائی عارضی نہیں لگتی بلکہ یہ تو مستقل جدائی لگتی ہے، لگتا ہے ہمیں مستقل یہاں رہنا پڑے گا۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پیچھے جا کر پوچھا کہ ہمیں چھوڑ کر کہاں جا رہے ہیں۔ حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بڑے خوبصورت انداز میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اس حالت کا نقشہ کھینچا ہے۔ فرماتے ہیں کہ اس وقت اس جذبہ طبعی کے جو اُن کے قلب میں تھا یعنی حضرت ابراہیم علیہ السلام کے دل میں جو جذبہ تھا اور اَوَّاہٌ مُّنِیبٌ(ھود: 76) ہونے کی وجہ سے ان پر رقّت طاری ہو گئی اور وہ جواب نہ دے سکے۔ حضرت ہاجرہ نے پھر پوچھا کہ ہمیں چھوڑ کر کہاں جا رہے ہیں۔ جب حضرت ہاجرہ کے کئی مرتبہ پوچھنے پر بھی حضرت ابراہیم علیہ السلام اپنی جذباتی کیفیت کی وجہ سے جواب نہ دے سکے اور حضرت ابراہیم علیہ السلام جیسی نرم طبیعت کے مالک کے لیے یہ ممکن بھی کس طرح ہو سکتا تھا۔ ان کو بظاہر نظر آ رہا تھا کہ اس بیابان جگہ میں بعد میں پتہ نہیں ان کی کیا حالت ہو گی۔ پس ایک طرف بشری تقاضا بیٹے اور بیوی سے محبت کا اور پھر فطرتاً انتہائی نرم طبیعت انہیں روک رہی تھی کہ اگر جواب دیا تو کہیں جذبات کا دھارا بہہ نہ جائے اور حضرت ہاجرہ مزید پریشان ہوں اور دوسری طرف یہ سوچ بھی تھی کہ اگر جذبات کا دھارا بہہ گیا تو اس قربانی کے معیار میں کہیں کمی نہ آ جائے جو خدا تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کے لیے وہ اور ان کی بیوی اور بیٹا دینے جا رہے ہیں اور جس کے نتیجے میں خدا تعالیٰ کا قرب ملنا ہے، وہ خاموش رہے۔ اور جب آخر حضرت ہاجرہ نے یہ کہا کہ کیا خدا نے آپ کو ایسا کرنے کا کہا ہے؟ پھر بھی جذبات سے مغلوب ہو کر صرف اپنا ہاتھ آسمان کی طرف اٹھا دیا۔ منہ سے کچھ نہ بولے، کوئی جواب نہیں دیا۔ جب حضرت ہاجرہ نے یہ اشارہ دیکھا تو پھر کامل توکّل سے کہا کہ اگر یہ بات ہے تو پھر خدا تعالیٰ ہمیں ضائع نہیں کرے گا۔ جہاں جانا ہے آپ جائیں۔ (ماخوذ از خطباتِ محمود جلد 2 صفحہ 219-220 خطبہ عید الاضحیٰ بیان فرمودہ 11 فروری 1938ء)

اب بظاہر دیکھا جائے تو اس بات کو تسلیم کرنا ناممکن ہے کہ اس بے آب و گیاہ وادی میں پانی کا مشکیزہ ختم ہونے کے بعد پانی مل سکے یا کھجوروں کی تھیلی ختم ہونے کے بعد کھجور مل سکے یا کوئی بھی خوراک مل سکے۔ یہ ناممکن تھا کہ ویران جگہ میں ان کی تکلیف دور کرنے یا کم از کم ہمدردی کرنے کے لیے ہی کوئی ہمدردی کرنے والا مل جائے، کسی انسان کی شکل نظر آ جائے۔ وہاں اس ویران صحرائی جگہ میں کسی نے کہاں سے آنا تھا۔ لیکن حضرت ہاجرہ میں بھی حضرت ابراہیم علیہ السلام کی صحبت نے یہ انقلاب پیدا کر دیا تھا کہ توکّل علی اللہ اور اللہ تعالیٰ کا قرب پانے کی خواہش کا ان کا بھی معیار انتہا کو پہنچا ہوا تھا۔ انہوں نے بے خوف ہو کر کہہ دیا کہ اگر خدا کا حکم ہے تو پھر مجھے کوئی پرواہ نہیں۔ یقیناً جب حضرت ہاجرہ کے یہ الفاظ عرش کے خدا نے سنے ہوں گے کہ اگر خدا کا حکم ہے تو پھر وہ ہمیں کبھی ضائع نہیں کرے گا تو خدا تعالیٰ نے بھی کہا ہو گا کہ بے شک میں تجھے اور تیرے بیٹے کو کبھی ضائع نہیں کروں گا۔ اور بعد کے حالات بتاتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ویسا ہی کیا جیسا اس سے امید رکھی گئی تھی بلکہ نہ صرف یہ کہ انہیں ضائع ہونے سے بچایا بلکہ ان کے

ذریعے سے ایک ایسی زبردست قوم بنائی جس میں حضرت خاتم الانبیاء محمد مصطفیٰ ﷺ جیسا عظیم المرتبت نبی مبعوث فرمایا جو تمام دنیا کے لیے مبعوث ہوا۔ آپ ﷺ ہی تمام دنیا کے روحانی بادشاہ ہیں۔ خدا تعالیٰ تک پہنچنا بھی آپ ﷺ کے وسیلے سے ہی اب ممکن ہے۔

حضرت ہاجرہ اور حضرت اسماعیل علیہ السلام نے خدا تعالیٰ کی خاطر دنیا کو چھوڑا تھا، اللہ تعالیٰ نے تمام دنیا حضرت اسماعیل علیہ السلام کی نسل کے قدموں میں لا کے ڈال دی۔ آنحضرت ﷺ کے ذریعے سے آج لاکھوں کروڑوں لوگ حج و عمرہ کرتے ہیں تو حضرت ہاجرہ کی اس قربانی کی یاد بھی تازہ کرتے ہیں۔ پس حضرت ہاجرہ کی اس قربانی کو قیامت تک کے لیے ایک مقام دے دیا، ایک اعزاز بخش دیا۔ انہوں نے خدا تعالیٰ پر توکّل کرتے ہوئے اس کی رضا حاصل کرنے کے لیے دنیا سے تعلق توڑا تھا اور آج دنیا مجبور ہے کہ خدا تعالیٰ کو حاصل کرنے کے لیے ہی ان سے تعلق جوڑے۔ پس ان کی یہ قربانی کوئی معمولی قربانی نہیں تھی۔ ان کا اللہ تعالیٰ پر یہ مان کہ جو کام خدا تعالیٰ کے لیے کیا جائے خدا تعالیٰ اسے ضائع نہیں کرتا، کوئی معمولی مان نہیں تھا اور پھر جیسا کہ میں نے بتایا کہ خدا تعالیٰ نے قیامت تک اس مان کو پورا کرنے اور نوازنے کے سامان کر دیئے۔

پس آج کا دن ہمیں اس خاندان کے اللہ تعالیٰ پر توکّل اور اس پر قربانی کرنے کے معیار کی یاد دلانے کے لیے ہے لیکن اس کے ساتھ ہی ہم نے یہ بھی دیکھنا ہے کہ کیا صرف اس قربانی کے واقعہ کو اور اس خاندان کے توکّل کو اور اس قربانی کو یاد کر لینا اور ذکر کر لینا ہی کافی ہے۔ نہیں! بلکہ اس یاد کا ذکر تازہ کرتے ہوئے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی وفا اور قربانی کو ہمیں اسوہ بنانا ہو گا۔ حضرت ہاجرہ کی قربانی کو ہمیں معیار بنانا ہو گا۔ ہر عورت دیکھے کہ ہم نے اس معیار کو حاصل کرنے کے لیے کیا کرنا ہے۔ لجنہ جب عہد دہراتی ہے کہ ہم اولاد کو قربان کرنے کے لیے تیار ہیں تو میرے علم میں یہ بھی آیا ہے کہ بعض عورتیں کہتی ہیں ہم اس وقت خاموش ہو جاتی ہیں کیونکہ ہم تیار نہیں ہیں۔ اگر اللہ تعالیٰ پر توکّل ہو، اس کی رضا کا حصول مقصد ہو، اس کے قرب کو حاصل کرنے کی خواہش ہر خواہش سے بالا ہو تو یہ سوچ آ ہی نہیں سکتی۔ دین کو دنیا پر مقدّم کرنے کا عہد کیا ہے، ایک ایسا عہد ہے جو خالصۃً اللہ تعالیٰ پر توکّل کرنے کی طرف توجہ دلاتا ہے۔ اگر یہ عہد کیا ہے تو اسے ہر احمدی مرد، احمدی عورت، احمدی جوان اور احمدی بچے کو نبھانا ہو گا۔ جب انسان اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے کی کوشش کرتا ہے پھر اللہ تعالیٰ ضائع نہیں کرتا بلکہ نوازتا ہے۔ ہمارے مرد جب اپنے نمونے ابراہیمی معیار پر لائیں گے تو وہ روحانی معیار عورتوں اور بچوں میں بھی سرایت کر جائیں گے۔ پس سب سے پہلے مردوں کو اپنی سوچوں اور اپنی قربانی کے معیاروں کو بلند کرنے کی ضرورت ہے۔ اگر عورتوں اور بچوں کے معیار توکّل علی اللہ اور قربانی کے بڑھانے ہیں تو پھر مردوں کو بہر حال اپنے نمونے دکھانے ہوں گے۔ یہ نہیں سمجھنا چاہیے کہ صرف اپنے اندر معمولی تبدیلیاں پیدا کرنے کے لیے یہ نمونے ہیں اور ان کی مثال صرف قصّے کے طور پر اللہ تعالیٰ نے محفوظ رکھی ہے۔ نہیں! بلکہ یہ نمونے ہمارے لیے اسوہ ہیں۔ جب ہر مرد ابراہیمی نمونے پر چلنے کی کوشش کرے گا اور اس پر چلتے ہوئے وفا کے معیار کو اونچا کرنے کی کوشش کرے گا، جب ہر عورت حضرت ہاجرہ کے نمونے کو اپنانے کے لیے تیار ہو گی اور ہر نوجوان حضرت اسماعیل علیہ السلام کے نمونے اپنانے کے لیے تیار ہو گا تو پھر اللہ تعالیٰ کے فضلوں کی بارش بھی ہو گی۔ پھر حقیقی قربانی اور اس کے نتیجے میں اللہ تعالیٰ کے قرب کا ادراک اور تجربہ بھی ہو گا۔ اس زمانے میں آنحضرت ﷺ کے جس غلام صادق کو ہم نے مانا ہے تا کہ اسلام کی نشأۃِ ثانیہ میں حصہ دار بن سکیں اسے بھی اللہ تعالیٰ نے ابراہیم کہا ہے۔ چنانچہ کئی مواقع پر آپ کو اللہ تعالیٰ نے الہاماً ابراہیم کہہ کر مخاطب فرمایا۔ (تذکرہ صفحہ 82 ایڈیشن چہارم)

پس اس ابراہیم کو اگر ہم نے روحانی ترقی، اسلام کو دنیا میں غالب کرنے، حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کا جھنڈا دنیا میں لہرانے اور اللہ تعالیٰ کا قرب پانے کے لیے مانا ہے تو ہم میں سے ہر ایک کو اسماعیل بننے کی کوشش کرنی ہو گی، ہر عورت کو ہاجرہ بننے کی کوشش کرنی ہو گی۔ ہم دین کی خاطر قربانیاں دینے کے لیے تیار ہوں گے تو خدا تعالیٰ ہمارے لیے نئے سے نئے راستے کھولے گا اور اسلام کی ترقی کے جو راستے اللہ تعالیٰ نے آنحضرت ﷺ کے عاشق صادق کے ذریعے کھولنے کے

وعدے کیے ہیں ان میں ہم بھی شامل ہو سکیں گے۔ اگر ہم میں سے ہر ایک حقیقت میں دین کو دنیا پر مقدّم کرنے کے عہد پر عمل کر لے تو ایک انقلاب ہم دنیا میں لا سکتے ہیں۔ اگر ہم اسلام کی تعلیم کے مطابق عمل کر کے اپنی زندگیاں گزارنے لگ جائیں تو ایک روحانی انقلاب دنیا میں پیدا کر سکتے ہیں۔ اگر ہم اسلام کی خوبصورت تعلیم کو دنیا میں پھیلا کر دنیا کو اسلام کے جھنڈے تلے لانے والے بن جائیں تو ہم ان شہداء کی قربانیوں کا بہترین بدلہ لے سکتے ہیں جن کو زمانے کے ابراہیم کے ماننے کی پاداش میں شہید کیا گیا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ذریعے جب یہ سلسلہ قائم فرمایا تو اس لیے کہ وہ تمام برکات دنیا میں واپس لائے جو آنحضرت ﷺ کے حقیقی ماننے والوں اور مومنین سے وابستہ ہیں۔ اس کے لیے پہلوں نے بھی قربانیاں دیں اور سب سے بڑھ کر اپنے نفسوں کی قربانیاں دیں۔ ہم بھی اپنے مال جان اور وقت کی قربانی دینے کا عہد کرتے ہیں ہمیں بھی اس عہد کو سامنے رکھتے ہوئے قربانیوں کے لیے تیار رہنا چاہیے اور ہمیں بھی یہ دینی پڑیں گی اور بہت سارے لوگ دیتے آ بھی رہے ہیں۔

قربانیوں کے بغیر یہ انقلاب کبھی نہیں آئے گا اور نہ کبھی انقلاب آتے ہیں۔ پس اس حوالے سے میں ان ماؤں کو بھی توجہ دلانا چاہتا ہوں جو کہتی ہیں کہ ہم قربانی کے لیے چپ کر جاتے ہیں۔ ایک طرف وہ مائیں ہیں جنہوں نے اپنے بچے وقفِ نو میں دے کر وقف کیے لیکن جب بچے جوان ہوتے ہیں تو بعض والدین کی طرف سے یہ عذر آ جاتا ہے کہ ہمارے حالات ٹھیک نہیں ہیں۔ بچہ اگر صرف جماعت کی خدمت کرے گا تو تھوڑے سے الاؤنس میں گزارا نہیں ہو گا اس لیے اس کو دنیاوی کام کرنے کی اجازت دیں۔ ایک طرف قربانی کرنے کا ایک عہد کیا اور خود ہی پیش کیا، دوسری طرف اس کو دنیاداری کی طرف بھی ڈالنے لگی ہیں۔ اسی طرح بعض واقفینِ نو بچے بھی ہیں ڈاکٹر بن جاتے ہیں، انجنیئر بن جاتے ہیں اس وقت کہتے ہیں کہ اب جماعتی خدمت بڑی مشکل ہے، ہمارا تھوڑے پیسوں میں گزارا نہیں ہوتا۔ ہمیں دنیاوی نوکری کرنے دیں۔ جب دین کو دنیا پر مقدّم کرنے کا عہد کیا ہے، قربانی کا عہد کیا ہے، پیدائش سے پہلے اللہ تعالیٰ نے والدین کو توفیق بخشی کہ وہ پیش کریں تو پھر اس قسم کے عذر کوئی معنی نہیں رکھتے۔ اس عہد کو نبھانے کی ضرورت ہے۔ اگر تھوڑا الاؤنس بھی ہے تو اللہ تعالیٰ اس میں بھی برکت ڈال دیتا ہے۔ پس نوجوان واقفینِ نو اپنے آپ کو مبلّغ اور مربّی بننے کے لیے پیش کریں۔ ڈاکٹر اور انجنیئر یا ٹیچر بن کر جماعت کے لیے اپنی خدمات پیش کریں اور قربانی دیں اور قربانیوں کے معیار کو بڑھائیں۔ صرف کہانیاں اور قصے سن کر خوش نہ ہو جایا کریں۔ صرف پرانے واقعات سن کر جذباتی ہونے پر خوش نہ ہو جائیں بلکہ یہ اس لیے ہیں کہ ہمیں اپنے نمونے دکھانے چاہئیں۔ ہمیں نہ دنیاوی بادشاہتوں سے غرض ہے نہ دنیاوی حکومتوں سے غرض ہے نہ حکومتوں کے نظاموں اور دولتوں سے غرض ہے اور نہ طاقتوں سے غرض ہے اور نہ ہونی چاہیے۔ ہاں اگر کوئی غرض ہے اور غرض ہونی چاہیے تو یہ کہ کس طرح ہم اسلام کی صداقت کو دنیا میں غالب کر سکتے ہیں۔ کس طرح ہم دنیا کو آنحضرت ﷺ کے جھنڈے تلے جمع کر سکتے ہیں۔ کس طرح ہم خدائے واحد کی حکومت دنیا میں قائم کر سکتے ہیں۔ کس طرح ہم بھولی بھٹکی انسانیت کو خدا تعالیٰ کے حضور جھکنے والا بنا سکتے ہیں۔ کس طرح ہم انسان کو ایک دوسرے کا حق ادا کرنے والا بنا سکتے ہیں۔ پس یہی ہمارے سلسلہ کے قائم ہونے کی غرض ہے۔ یہی احمدی کی غرض ہے اور خاص طور پر واقفینِ نو کی تو یہ غرض ہونی چاہیے، اسی کے لیے وہ اپنے آپ کو جامعہ میں آنے کے لیے بھی وقف کریں اور زیادہ سے زیادہ مربّی بنیں، مبلّغ بنیں تا کہ اسلام کا یہ پیغام ساری دنیا میں جلد سے جلد تر پھیل سکے۔

پس یہ باتیں جو میں نے بیان کی ہیں یہی سلسلہ کے قائم ہونے کی غرض ہے اور اس کے لیے ہمیں قربانیاں دینی چاہئیں اور اس کا اعلان بھی بارہا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہے۔ یہ باتیں قربانی چاہتی ہیں۔ جیسا کہ میں نے کہا کہ صرف قربانی کے واقعات پڑھ کر انقلاب نہیں آیا کرتے، اس کے لیے ہر احمدی عورت کو ہاجرہ بننا پڑے گا اور ہر احمدی نوجوان کو اسماعیل بننا پڑے گا اور ہر ملک اور ہر قوم اور ہر نسل میں سے ہر احمدی کو یہ معیار دکھانے ہوں گے تبھی ہم دنیا میں

ایک وحدت پیدا کر سکتے ہیں۔ جب اس مقصد کے حصول کے لیے یہ مشتر کہ قربانی ہو گی تبھی ہم اس گھر کی تعمیر کے مقصد کو پورا کر سکیں گے یعنی توحید کا قیام جس کے لیے حضرت ابراہیم علیہ السلام، حضرت ہاجرہ علیہ السلام اور حضرت اسماعیل علیہ السلام نے قربانیاں دی تھیں اور خدا تعالیٰ کا پہلا گھر خدا تعالیٰ کی وحدانیت کا نشان بن کر ابھرا تھا اور تبھی ہم اس زمانے کے ابراہیم اور آنحضرت ﷺ کے غلام صادق کی بعثت کے مقصد کو پورا کرنے والے بن سکیں گے یعنی دین واحد پر جمع کرنا۔

اللہ تعالیٰ ہمارے اندر حقیقی قربانی کا مادہ پیدا کرے۔ ہم ہمیشہ دین کو دنیا پر مقدّم کرنے والے ہوں۔ ہر آنے والی قربانی کی عید ہمیں اسلام کی ترقی کی نئی منزلیں دکھانے والی ہو۔ ہم ایسی مقبول قربانیاں کرنے والے ہوں جس کے فیوض و برکات ہم دنیا و آخرت میں حاصل کرنے والے بنتے چلے جائیں۔

اب ہم دعا کریں گے۔ دعا میں ان اسیران کو بھی یاد رکھیں جو صرف احمدیت کی خاطر قید و بند کی صعوبتیں برداشت کر رہے ہیں۔ دین کی خاطر سخت موسمی حالات میں جیلوں میں پڑے ہوئے ہیں، پاکستان میں خاص طور پر، اور خوشی سے یہ صعوبتیں برداشت کر رہے ہیں۔ ایک خاتون بھی اسی قید و بند کی صعوبت برداشت کر رہی ہیں، قید و بند میں پڑی ہوئی ہیں۔ غلط الزام لگا کر بہت خطرناک دفعات ان پر لگائی گئی ہیں۔ صرف اس لیے کہ انہوں نے زمانے کے امام کو مانا ہے۔ شہداء کے خاندانوں کو بھی دعاؤں میں یاد رکھیں۔ واقفینِ زندگی کے لیے، مربّیان، مبلّغین، معلّمین کے لیے دعا کریں کہ سب اپنے وقف نبھانے والے ہوں اور حقیقی قربانی کے ساتھ نبھانے والے ہوں۔ بہت سارے مختلف ممالک میں، افریقہ میں بھی معلّمین بہت اہم کام کر رہے ہیں اور اللہ تعالیٰ ان کو بھی توفیق دے کہ تھوڑی تربیت کے باوجود جو انہوں نے معلّم کلاس کا تھوڑا بہت علم حاصل کیا ہے اس کے باوجود بہت اچھے اچھے کام کرنے والے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کے کاموں میں، اخلاص میں، وفا میں، علم میں، روحانیت میں برکت ڈالے، ان کو حفاظت میں رکھے اور جیسا کہ میں نے کہا خالص ہو کر اللہ تعالیٰ کی خاطر وقف نبھانے والے ہوں۔ مشکلات میں گھرے ہوئے لوگوں کے لیے بھی دعا کریں اللہ تعالیٰ ان کی مشکلات کو دور فرمائے، پریشانیاں دور فرمائے۔ خود غرض علماء کے شر سے بچنے کے لیے بھی دعا کریں، انہوں نے بھی شر پھیلایا ہوا ہے خاص طور پر پاکستان میں، اسی طرح بعض افریقہ کے ممالک میں بھی۔ ہر طاقتور شریر کے شر سے معصوم جانوں کے بچنے کے لیے دعا کریں۔ اس عید پر پاکستان میں خاص طور پر یہ شور بھی ہے اور ہمیشہ ہوتا ہے، اس دفعہ کچھ زیادہ ہی ہو رہا ہے کہ احمدی اگر عید پر جانور کی قربانی کریں گے تو ان کے خلاف مقدمہ درج کیا جائے گا، ان کو سزا دی جائے گی۔ پس اس قسم کے شریروں کے شر سے بھی اللہ تعالیٰ ہر احمدی کو محفوظ رکھے۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بعثت کو ہم پورا کرنے والے ہوں۔ اس کے لیے بھی ہمیں بہت دعائیں کرنی چاہئیں اور یہ دعا بھی بہت زیادہ کرنی چاہیے، جو مقصد حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی بعثت کا ہے وہ کیا ہے یہی کہ اسلام اور آنحضرت ﷺ کا جھنڈا تمام دنیا میں لہرائے اور دنیا میں توحید کا قیام ہو۔ یہ مخالفت کی باتیں صرف پاکستان کی بات نہیں، افریقہ میں بھی بعض جگہ پر باہر سے لوگ جا کر وہاں کے مقامی لوگوں کو بھڑکاتے ہیں اور ان میں مخالفت پیدا ہو رہی ہے لیکن اللہ تعالیٰ کے فضل سے اپنے ایمان پر وہ قائم ہیں، مضبوط ہیں اور کسی مخالفت کی پرواہ نہیں کر رہے بلکہ جان لینے کی بھی دھمکیاں دی گئیں اس کے باوجود وہ اپنے ایمان پر قائم رہے۔ اسی طرح افریقہ میں بھی بعض جگہ ہماری مساجد پر قبضہ کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ وہاں بھی حالات پیدا کرے کہ وہ جماعتی مساجد بھی جن پر دشمن غلط طریقے سے قابض ہونے کی کوشش کر رہا ہے واپس ملیں۔ بہر حال مجموعی طور پر ہمیں دعا کرنی چاہیے کہ ہم ہمیشہ اللہ تعالیٰ کے فضلوں اور رحم کے وارث بنتے چلے جائیں۔

ان شاء اللہ تعالیٰ خطبہ جمعہ آج بھی اپنے وقت پر ہی ہو گا۔ اب ہم دعا کر لیتے ہیں لیکن دعا سے پہلے میں سب احباب کو، دنیا میں پھیلے ہوئے سب احمدیوں کو، آپ سب کو عید مبارک بھی کہتا ہوں۔ ابھی خطبے کے بعد دعا ہو گی۔



صفاتِ باری تعالیٰ

(سعدیہ جاوید – مجلس بیت النصر)

جو کچھ بھی آسمانوں اور زمین میں ہے وہ اللہ تعالیٰ ہی کی تسبیح کر رہا ہے۔ زمین و آسمان کے تمام ذرّات، سب اشیاء اللہ تعالیٰ کی ہستی اور اس کی صفات کی گواہی دے رہی ہیں۔ دنیا میں جیسے جیسے زمینی یا آسمانی علم ترقی کرتا جائے گا خدا تعالیٰ کی صفات کی مزید وضاحت ہوتی چلی جائے گی۔ قرآن کریم خدا تعالیٰ کی صفات کو اس طرح تفصیل سے بیان کرتا ہے کہ خدا تعالیٰ کی تمام خوبیاں اپنے پورے کمالات اور حسن کے ساتھ انسان کے سامنے آ جاتی ہیں اور پھر جتنا انسان کا خدا کے ساتھ تعلق ہوتا ہے وہ اس پر اتنی ہی ظاہر ہوتی ہیں اور اس کا علم خدا تعالیٰ کی صفاتِ حسنہ کو پانے لگتا ہے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں "اپنی سیرت کو بنانے میں کسی اور کو شریک نہ کرو، اپنے اخلاق کو کُلّی طور پر اللہ تعالیٰ کی صفات کے مطابق بناؤ۔ اپنی سیرت خاص اللہ تعالیٰ کے لیے کر دو یعنی جب تک الٰہی صفات کے مطابق دنیا اپنے اخلاق کو نہ بنائے، امن قائم نہیں ہو سکتا۔ اپنی سیرت کو ایسا بناؤ کہ سوائے اللہ تعالیٰ کی صفات کے اور کسی کا عکس اس پر نہ پڑے"۔ (تفسیرِ کبیر جلد نہم صفحہ 378)

خدا تعالیٰ کی اُمّ الصفات میں سے تیسری صفت **الرَّحِیْم** ہے۔

اَلرَّحِیْمُ: بار بار رحم کرنے والا، جو نیک اعتقاد اور نیک اعمال اور نیک اخلاق پر رحم کے حقدار کو اس کے کام اور محنت کی اچھی جزا دینے والی ہستی ہے۔

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں "یہ اللہ تعالیٰ کی وہ صفت ہے جس کا تقاضا ہے کہ محنت اور کوشش کو ضائع نہیں کرتا بلکہ ان پر ثمرات اور نتائج مترتب کرتا ہے۔ اگر انسان کو یہ یقین ہی نہ ہو کہ اس کی محنت اور کوشش کوئی پھل لاوے گی تو پھر وہ سست اور نکمّا ہو جاوے گا۔ یہ صفت انسان کی امیدوں کو وسیع کرتی اور نیکیوں کے کرنے کی طرف جوش سے لے جاتی ہے۔ رحیم قرآن کریم کی اصطلاح میں اللہ تعالیٰ اس وقت کہلاتا ہے جبکہ لوگوں کی دعا، تضرّع اور اعمالِ صالح کو قبول فرما کر آفات اور بلاؤں اور تضیعِ اعمال سے ان کو محفوظ رکھتا ہے۔ رحیمیت خاص انسانوں سے تعلق رکھتی ہے"۔ (تفسیرِ کبیر جلد اوّل صفحہ 71)

حضرت خلیفۃ المسیح الثّانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ "بار بار رحم کے معنی یہ نہیں کہ ایک ہی فعل کا بار بار انعام ملتا ہے بلکہ اس سے مراد یہ ہے کہ جو شخص نیکی کی حقیقت کو سمجھتا ہے وہ بار بار نیک اعمال بجالاتا ہے اور کم سے کم اس کے دل میں بار بار نیک عمل بجالانے کی خواہش ضرور پائی جاتی ہے۔ پس ہر

دفعہ جب نیک عمل کی جزا بندہ کو ملتی ہے اور نیکی کرنے کی طاقت اور اس کے بار بار بجالانے کی خواہش اور بھی ترقی کرتی جاتی ہے جس کے نتیجے میں اللہ تعالیٰ پھر اس پر رحم کرتا ہے اور مومن کی نیکی کی خواہش اور بھی زیادہ ہو جاتی ہے۔ اس طرح بار بار رحم نازل ہوتا جاتا ہے۔ گویا اللہ تعالیٰ کا رحم صرف گذشتہ فعل پر انعام کا رنگ ہی نہیں رکھتا بلکہ آئندہ نیکی کے لیے ایک بیج کا کام بھی دیتا ہے"۔(تفسیرِ کبیر جلد اوّل صفحہ 23)

درجہ ذیل مضمون میں خدا تعالیٰ کی صفت الرحیم کے تحت جو صفاتِ حسنہ ہیں ان کا تذکرہ کیا جائے گا۔

اَلسَّمِیْعُ، اَلْمُجِیْبُ: سب کی سننے والا، بہت سننے والا۔ اس کی یہ صفت کسی بیرونی آلہ کی محتاج نہیں ہے اور صرف سنتا ہی نہیں بلکہ پکارنے والے کی پکار کا جواب بھی دیتا ہے اور اس کی دعاؤں کو قبول کرتا ہے جیسا کہ قرآن کریم میں آتا ہے کہ "جب پکارنے والا مجھے پکارتا ہے تو میں اس کی پکار کا جواب دیتا ہوں"۔(البقرہ:187)

حضرت خلیفۃ المسیح الثّانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں "یعنی جب کوئی اس کو پکارتا ہے تو سنتا ہے۔ جو لوگ سیدھے رستہ سے بھٹک جاتے ہیں وہ جب دعا کرتے ہیں اور خدا تعالیٰ کو پکارتے ہیں تو خدا تعالیٰ ان کی پکار کو سنتا ہے کیونکہ وہ سننے والا ہے۔ پھر جب خدا تعالیٰ آواز دیتا ہے اور انسان اس کی طرف چلتا ہے اور اس طرح وہ اس کے قرب تک پہنچ جاتا ہے"۔(تفسیر کبیر جلد ششم صفحہ 284)

"خدا تعالیٰ نے قرآن کریم میں اپنے آپ کو اَلسَّمِیْع قرار دیا ہے جس کے معنی ہیں وہ کامل طور پر لوگوں کی دعاؤں کو سنتا اور ان کی حاجات کو پورا فرماتا ہے یعنی فاصلہ اور وقت کا اس پر کوئی اثر نہیں پڑتا"۔(تفسیرِ کبیر جلد ششم صفحہ 44)

اَللَّطِیْفُ: نرمی اور مہربانی کرنے والا، ایسی مہربانی جس کی کیفیت دریافت سے باہر ہو۔ بندوں اور مخلوق پر احسان اور شفقت اور مہربانی کرنے والا، محبت اور احسان کے ساتھ ان کو نفع پہنچانے والا، مخفی باتوں کا جاننے والا۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس کی تشریح کرتے ہوئے بیان فرماتے ہیں "اللہ تعالیٰ کے لیے جب لطیف کا لفظ آوے تو اس کے معنی یہ ہوتے ہیں کہ وہ مخفی باتوں کو جاننے والا، لوگوں کی خبر گیری کرنے والا اور محبت اور احسان کے ساتھ ان کو نفع پہنچانے والا ہے۔ گویا وہ خبر گیری کرتا ہے اور اس کی خبر گیری کا منبع محبت ہوتی ہے۔ وہ خبر گیری کرنے کے ذرائع پیدا کرتا ہے اور اس کی محرّک بھی محبت ہی ہوتی ہے اور احسان کرتا ہے تو وہ بھی رفق اور لطف کے ساتھ کرتا ہے اور یہ بھی کہ اس کا لطف ہر ایک کی استعداد کے مطابق اس پر نازل ہوتا ہے۔(تفسیرِ کبیر جلد سوم صفحہ 363)

اَلرَّؤُوْفُ: اس کے معنی بہت مہربان اور شفقت کرنے والے کے ہیں، کسی کی تکلیف کو دیکھ کر اس کے دور کرنے کی طرف توجہ کرنے کے ہیں۔ انتہائی غم اور تکلیف میں جب انسان ہوتا ہے تو رؤوف خدا تعالیٰ کی ہستی اس کو اس غم سے نجات دیتی ہے۔ خدا تعالیٰ کی رحمت عام ہے لیکن رافت خاص ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثّانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں "رافت اور رحمت دونوں قریب قریب الفاظ ہیں مگر ان میں کچھ فرق بھی ہے اور وہ یہ کہ رافت خاص اور رحمت عام ہے۔ رافت میں دفع شر کی طرف اشارہ ہوتا ہے بیمار کو دیکھ کر رافت پیدا ہوتی ہے۔ کسی کو دکھ میں دیکھ کر جو جذبہ پیدا ہوتا ہے وہ رافت کے نتیجہ میں بھی پیدا ہوتا ہے۔ صرف اتنا فرق ہے کہ احسان رحمت سے زیادہ تعلق رکھتا ہے اور تکلیف کا دور کرنا رافت کے ساتھ زیادہ تعلق رکھتا ہے"۔(تفسیرِ کبیر جلد دوم صفحہ 228)

اَلْكَرِيْمُ: بزرگ، قادر ہے، قدرت رکھتا ہے تو معاف بھی کر سکتا ہے، جب وعدہ کرے تو وفا بھی کرے اور جب کوئی بندہ اپنے رب سے التجا کرے تو بے اعتنائی نہ کرے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ”کریم کے معنی سخی کے بھی ہوتے ہیں اور کریم اس شخص کو بھی کہتے ہیں جس سے زیادہ نفع پہنچے۔ اسی طرح ہر چیز میں سے جو زیادہ اچھی ہو اسے بھی کریم کہتے ہیں۔ گویا ہر چیز کے آخری نقطہ کو عربی زبان میں کریم کہا جاتا ہے“۔ (تفسیرِ کبیر جلد نہم صفحہ 270)

اَلْوَدُوْدُ: نیک بندوں کو دوست رکھنے والا، اپنے بندوں سے انتہائی محبت کرنے والی ہستی، ایسی محبت جو ایک دوسرے کے اندر داخل ہو اور کبھی نہ نکلے اور نہ ہی کم ہو بلکہ بڑھتی جائے۔

اَلْوَلِیُّ: مددگار، سرپرست، محبت کرنے والا، مدد کرنے والا، اپنے نیک بندوں کا سرپرست ہے۔ ولی متولّی کے رنگ میں بھی آتا ہے۔ خدا تعالیٰ کی یہ صفت خاص اس کے متّقی اور نیک بندوں کے لیے مخصوص ہے۔

خدا تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے کہ ”اللہ ان کا دوست ہے جو ایمان لائے“۔ (البقرہ: 258)

ایک اور جگہ ارشاد فرمایا ”اللہ متّقیوں کا دوست ہوتا ہے)۔ (الجاثیہ: 20)

خَیْرُ الرَّاحِمِیْن ،اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْن: تمام رحم کرنے والوں میں سے جس کا رحم سب سے زیادہ ہو اور خیر و برکت والا ہو۔ اس کی رحمت وسیع ہے۔ اللہ تعالیٰ کا رحم غالب ہے، وہ ہر صورت اپنے نیک بندوں پر رحم کرتا ہے۔

اَلْغَافِرُ، اَلْغَفُوْرُ، اَلْغَفَّارُ: یہ تین نام دراصل ایک ہی ہیں۔ گناہوں اور غلطیوں کو بخشنے والا۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں ”یعنی اگر عمل کرتے ہوئے کوئی کمزوری رہ جائے تو وہ اس کمزوری کو نظر انداز کرتے ہوئے انسان کے لیے ترقّیات کے دروازے کھولتا رہتا ہے۔ اللہ تعالیٰ بھی اپنے بندوں کے متعلق یہی چاہتا ہے کہ وہ نجات پاتے چلے جائیں خواہ ان کے اعمال میں کچھ کمزوریاں ہی رہ گئی ہوں“۔ (تفسیرِ کبیر، جلد 10 صفحہ 431)

خَیْرُ الْغَافِرِیْن، ذُوْ مَغْفِرَہ: مغفرت کے ایک معنی ڈھانپنے کے بھی ہیں۔ مغفرت کا مالک ہے، پردہ پوشی کرنے والا ہے۔

اَلتَّوَابُ: گناہ گاروں کی توبہ کو قبول کرنے والی ہستی۔ توبہ کرنے پر اپنے بندوں کی طرف رجوع کرتا ہے۔ فضل کے ساتھ اپنے بندوں کی طرف متوجہ ہونے والا۔

قَابِلُ التَّوْبِ: سچی توبہ کو قبول کرنے والا، ایسی توبہ جو ندامت کے ساتھ ہو اور آئندہ نیکی کرنے کا عزم لیے ہوئے ہو۔ ایسی توبہ قبول کرنے والا جب انسان اپنی غفلتوں کا ازالہ کرنا چاہتا ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں ”جب یہ لفظ بندہ کے لیے آئے تو اس کے معنی ہوتے ہیں بندہ کا خدا تعالیٰ کی طرف سچے دل سے جھکنا اور اس کی طرف رجوع کرنا۔ توّاب زیادہ تبدیلیوں اور کمزوریوں کے دور کرنے کے موقع پر استعمال ہوتا ہے“۔ (تفسیرِ کبیر، جلد دوم صفحہ 181)

اَلشَّکُوْرُ، اَلشَّاکِرُ: قدر دانی کرنے والا، بندوں کی اطاعت اور اعمالِ صالحہ پر بھرپور جزا دینے والا، اپنی نعمتوں اور فضلوں کو بڑھانے والا، حکم بجالانے پر جزا دیتا ہے اور ایسی جزا دیتا ہے جو دائمی فائدہ پہنچانے والی ہوتی ہے۔ وہ نیکی کرنے والے کی نیکی کو کبھی ضائع نہیں کرتا، بہت قدر دان ہے۔

كَاشِفُ الضُّرِ: غموں اور دکھوں کو دور کرنے والا۔

اَلْوَکِیْلُ: کارساز۔

اَلْقَابِضُ: لوگوں کے صدقات کا لینے والا نیز جس کے قبضہ قدرت میں ہر چیز ہے۔

اَلْمُعِزُّ: عزّت دینے والا۔

اَلْمُذِلُّ: خوار اور ذلیل کرنے والا۔ خدا تعالیٰ ہرگز بھی ایسا نہیں کہ وہ اپنے بندوں پر ظلم کرے یا ان کو ذلیل ورسوا کرے ہاں البتہ جو اس کے بار بار درگذر کرنے کے باوجود بھی اس کے احکامات سے روگردانی کرتے ہیں تو اپنے بداعمال کی وجہ سے ذلیل کیے جاتے ہیں۔

اَلْمُقَدِّمُ: اپنے دوستوں کو اوّلیت دینے والا۔

خَیْرُ الْمَاکِرِیْن: سب تدبیر کرنے والوں میں سے بہترین تدبیر کرنے والا۔

اَلْوَافِی: پوراپورا بدلہ دینے والا، ایفائے عہد کرنے والا۔ **اَوْفُوْا بِعَهْدِیْۤ اُوْفِ بِعَهْدِكُمْ**۔(البقرۃ:41)

تم میرے عہد کو پورا کرو میں تمہارے عہد کو پورا کروں گا۔ ایک اور جگہ فرمایا:

فَيُوَفِّيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ (آل عمران: 58) پس وہ ان کے اعمال کا پورا پورا بدلہ دے گا۔ یہ اس کی رحیمیت بے پایاں ہے۔

اَلْکَفِیْلُ: عہد پر نظر رکھنے والا، ضمانتوں کو قبول کرنے والا۔

اَلْمُغَیِّرُ: انسان کے اعمال اور ایمان کے مطابق اس کے ساتھ معاملہ کرنے والی ہستی۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ”وہ اپنی رحمت کو کبھی تبدیل نہیں کرتا جو اس نے کسی قوم کو عطا کی ہو یہاں تک کہ وہ خود اپنی حالت کو تبدیل کردیں“۔(الانعام:54)

اَلنَّافِعُ: نفع اور خیر کو پیدا کرنے والا، خدا تعالیٰ کی ذات نفع رساں ہے اپنے بندوں کے لیے، وہ اپنے خاص بندوں سے خاص معاملہ کرتا ہے۔ جو لوگ اس کی راہ میں قربانیاں کرتے ہیں ان کی پشت ہا پشت کو نوازتا ہے۔

اَلْوَاجِدُ: غنی ہے، مقصد میں کامیاب کرنے والی ذات اور کامیاب ہونے والی ہستی۔

اَلْبَاسِطُ: بڑھانے والا، خدا تعالیٰ لیتا ہے اور اس کو بڑھا کر واپس بھی کرتا ہے۔

اَلرَّافِعُ: درجات کو بلند کرنے والا، مقرّبین میں شامل کرنے والا۔

(باقی آئندہ شمارے میں)

گھروں کے سکون، تربیت اولاد، معاشرتی برائیوں اور موذی امراض سے محفوظ رہنے کی دعائیں

(شاہدہ ناصر – مجلس نورستر اند)

خدائے رحمان ورحیم نے اپنے بندوں سے فرمایا کہ اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ یعنی مجھ سے دعا مانگو میں اس کا جواب دوں گا۔ اسی طرح قرآن پاک میں مختلف مواقع کے لیے دعائیں مانگنے کے طریق بھی سکھلائے۔ سورہ فاتحہ اور سورہ بقرہ کی آخری دو آیات کے ذریعہ جو بھی دعا مانگی جائے وہ قبول ہوتی ہے۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ ”نبی کریم ﷺ کو بذریعہ وحی یہ اطلاع دی گئی ہے کہ ایک کامل دعا جو اس سے پہلے کسی نبی کو عطا نہیں کی گئی وہ سورہ فاتحہ اور سورہ بقرہ کی آخری آیات ہیں۔ جو بھی ان دعاؤں کے ذریعہ خدا سے مانگتا ہے اس کی دعا قبول کی جاتی ہے“۔ (صحیح مسلم)

قبولیتِ دعا کا ایک اہم ذریعہ نماز ہے۔ حدیث قدسی ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں نے نماز کو اپنے اور بندے کے درمیان تقسیم کر دیا ہے اور میرے بندے کو وہ کچھ ضرور ملے گا جو اس دعا میں اس کے لیے مانگا گیا ہے“۔ (صحیح مسلم)

اسی طرح اللہ تعالیٰ نے فرمایا **وَ لِلّٰہِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی فَادْعُوْہُ بِھَا۔** (الاعراف:181)

کہ اللہ کے پاک نام اور صفات ہیں ان کو یاد کر کے پکارو اور اس سے دعا مانگا کرو۔

رحمت دو عالم ﷺ کی ذات مبارکہ سراپا دعا تھی جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: **قُلْ اِنَّ صَلَاتِیْ وَنُسُکِیْ وَ مَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔** (الانعام:163)

آپ ﷺ ہر بابرکت کام کا آغاز **بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ** سے کرتے، شیطان سے پناہ مانگنے کے لیے **اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ** پڑھتے۔ آپ ﷺ نے نماز کو اپنی آنکھوں کی ٹھنڈک قرار دیا جبکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ **اِنَّ الصَّلٰوۃَ تَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَ الْمُنْکَرِ۔** (العنکبوت:46) یعنی نماز برائی اور بے حیائی سے روکتی ہے۔

ہر قسم کی معاشرتی برائیوں سے بچنے کے لیے نماز کا قیام ضروری ہے اور فجر کی نماز کے بعد تلاوت قرآن پاک اللہ تعالیٰ کے حضور حاضر کی جاتی ہے تو یہ گھروں میں خیر و برکت کا موجب بنتی ہے جیسا کہ حدیث مبارکہ ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا: ”جس کو قرآن کریم کا کچھ بھی حصہ یاد نہیں وہ ویران گھر کی طرح ہے“۔ (حدیقۃ الصالحین صفحہ نمبر 222)

حضرت عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا کہ قرآن کی آخری تین سورتیں رات کو سوتے وقت پڑھ کر سویا کرو ان جیسی کوئی چیز نہیں جس سے پناہ مانگی جائے۔ (نسائی)

اسی طرح حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان فرماتی ہیں کہ آنحضور ﷺ جب کبھی بیمار ہوتے تو آخری دو سورتیں پڑھ کر ہاتھوں میں پھونک کر جسم پر مل لیتے۔ جب آخری بیماری شدید ہوئی تو میں یہ سورتیں پڑھ کر ہاتھوں پر پھونک کر آپؐ کے بدن پر مل دیتی تھی۔ (بخاری و مسلم)

حضرت ابو مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ سورہ بقرہ کی آخری دو آیات رات کو پڑھ کر سونے والے کے لیے بہت کافی ہیں نیز عرش کے اس خزانہ میں سے ہیں جو آج تک آنحضرت ﷺ سے پہلے کسی نبی کو نہیں دیا گیا۔ (تفسیر طبری جزء 3 صفحہ 434)

سورہ بقرہ کی آخری دونوں دعائیہ آیات کے بارہ میں رسول کریم ﷺ تاکید فرمایا کرتے تھے کہ ان کو یاد کرو اور اپنے اہل و عیال کو یاد کراؤ کیونکہ یہ صلوٰۃ، قرآن اور دعا پر مشتمل ہیں۔ (الدر المنثور للسیوطی جلد 1 صفحہ 378)

اللہ تعالیٰ نے ہمیں اولاد کے حق میں درج ذیل دعا بتائی: **رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَ ذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّ اجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا۔** (الفرقان:75)

اے ہمارے رب! ہمیں ہماری بیویوں کی طرف سے اور اولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما اور ہمیں متقیوں کا امام بنا۔ نیز یہ کہ ''**رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَ مِنْ ذُرِّيَّتِيْ رَبَّنَا وَ تَقَبَّلْ دُعَآءِ۔ رَبَّنَا اغْفِرْلِيْ وَ لِوَالِدَيَّ وَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ۔**'' (ابراہیم:41 – 42)

اسی طرح حضرت ابراہیم علیہ السلام نے تعمیر کعبہ کے وقت شہر مکہ کے پر امن شہر ہونے، اس کے باشندوں کے رزق ملنے اور اولاد کے شرک و بت پرستی سے بچنے کے لیے جو دعائیں کیں وہ سب قبول ہوئیں۔ (تفسیر الدر المنثور جلد 4 صفحہ 86)

رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا بَلَدًا اٰمِنًا وَّ ارْزُقْ اَهْلَهٗ مِنَ الثَّمَرٰتِ۔ (البقرہ:127)

اے میرے رب! اس جگہ کو ایک پر امن شہر بنا دے اور اس کے باشندوں کو ہر قسم کے پھل عطا فرما۔

اسی طرح رسول اللہ ﷺ نے ہمیں بیماری کو دور کرنے کی دعائیں سکھائی ہیں۔ روایت ہے کہ ''حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ آنحضور ﷺ جب اپنے کسی رشتہ دار کی عیادت کے لیے آتے تو اپنا دایاں ہاتھ اس کے سر پر پھیرتے اور یہ دعا کرتے: **اَللّٰهُمَّ رَبَّ النَّاسِ اَذْهِبِ الْبَأْسَ اِشْفِ اَنْتَ الشَّافِيْ لَا شِفَآءَ اِلَّا شِفَاؤُكَ شِفَآءً لَا يُغَادِرُ سَقَمًا۔**

یعنی اے میرے اللہ! جو لوگوں کا رب ہے اس بیماری کو دور کر دے اور اسے شفاء دے کہ تو ہی شفاء دینے والا ہے تیری شفاء کے سوا کوئی اور شفاء نہیں۔ تو اسے ایسی شفاء دے جو کچھ بھی اثر نہ چھوڑے۔ (حدیقۃ الصالحین صفحہ نمبر 552)

اسی طرح حضرت ابو سعید خدریؓ بیان کرتے ہیں حضرت جبرائیل آنحضرت ﷺ کے پاس آئے اور کہا اے محمد! کیا آپ بیمار ہیں؟ آپ ﷺ نے جواب دیا ہاں میں بیمار ہوں۔ اس پر حضرت جبرائیل نے یہ دعا کی: **بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيْكَ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ يُؤْذِيْكَ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ نَفْسٍ اَوْ عَيْنٍ حَاسِدٍ اَللّٰهُ يَشْفِيْكَ بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيْكَ۔** (حدیقۃ الصالحین، صفحہ 539 – 540)

حضرت ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ حضرت حسن و حسین کو اس دعا سے دم کرتے اور فرماتے تھے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام اپنے بیٹوں حضرت اسماعیل علیہ السلام اور حضرت اسحاق علیہ السلام کے لیے انہی الفاظ میں پناہ مانگا کرتے تھے۔

(کتاب الانبیاء بخاری خزینۃ الدعاء، مناجات رسول، صفحہ 9)

سورۃ البقرہ کی پہلی سترہ آیات کو یاد کرنے کی اہمیت و برکات

(روبینہ رزاق – مجلس بودو)

قرآن کریم کے کسی بھی لفظ کو پڑھنے سے اللہ تعالیٰ اس میں آنے والے ہر حرف کے بدلے دس نیکیاں عطا کرتا ہے۔ تو کسی بھی آیتِ قرآنی کو یاد کرنے میں کتنی نیکیاں ملتی ہیں، اس کا شمار لامتناہی ہے۔ جماعت احمدیہ میں سورۃ البقرہ کی پہلی سترہ آیات کو یاد کرنے کی تحریک پر زور سب سے زیادہ خلافتِ ثالثہ کے دور میں دیا گیا اور ایک پر معارف خطبہ جمعہ بمقام احمدیہ ہال کراچی میں خلیفۃ المسیح الثالث حضرت مرزا ناصر احمد رحمہ اللہ تعالیٰ نے 12 ستمبر 1969ء کو ارشاد فرمایا۔ اس خطبہ میں آپ نے ربّ العزّت کی شان بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ "انسان کی جسمانی اور روحانی ترقیات کے لیے اللہ تعالیٰ نے لامحدود دروازے کھولے ہیں اور ان ترقیات کے حصول کے لیے ایک منزل سورۃ البقرہ کی پہلی سترہ آیات کا نہ صرف زبانی یاد کرنا ہے بلکہ اس کے معانی اور تفسیر پر پورا ادراک حاصل کرنا بھی ہے"۔

اس ضمن میں آپ نے ان آیات کی مختصر مگر جامع تفسیر بیان کی تاکہ ان آیات کے حفظ کرنے کی اہمیت اور برکات ہر نسل کے احمدی کیا بوڑھا، کیا جوان سب پر واضح ہوں اور ہر تنظیم کے ممبر پورے اخلاص سے ان کو حفظ کریں تا اپنے ایمان کو ترقی کی منازل طے کروائیں اور حقیقی مومنین میں شامل ہوں۔

یہی وہ مقصد تھا جس کی خاطر اللہ عزّوجلّ نے مسیح محمدی کو اس زمانہ میں بھیجا تاکہ پھر سے ایمان ثریا سے زمین تک پہنچے اور سرور کونین ﷺ کی لائی ہوئی شریعت اور دینِ اسلام کا جھنڈا پوری دنیا میں آب و تاب سے لہرائے لیکن یہ تبھی ممکن ہے جب ہم قرآن حکیم کی آیات پر غور و فکر کریں گے۔

سورۃ البقرہ کی سترہ آیات کے مضمون کی اہمیت بیان کرنے سے پہلے عرض کرتی چلوں کہ "البقرہ" کے علاوہ اس سورہ کا ایک نام "الظھراء" بھی ہے اور سورۃ البقرہ اور سورہ آلِ عمران دونوں کو "الظھروان" بھی کہتے ہیں یعنی دو نہایت روشن اور چمکدار۔

آنحضرت ﷺ نے فرمایا ہے کہ "ہر چیز کا ایک بلند ترین مقام ہوتا ہے اور قرآن کریم کا بلند ترین مقام سورۃ البقرہ ہے"۔ (صحیح مسلم)

حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ تفسیر کبیر میں فرماتے ہیں کہ جب میں سورۃ البقرہ کی آیت 130 پر پہنچا یعنی: **رَبَّنَا وَ ابۡعَثۡ فِیۡہِمۡ رَسُوۡلًا مِّنۡہُمۡ یَتۡلُوۡا عَلَیۡہِمۡ اٰیٰتِکَ وَ یُعَلِّمُہُمُ الۡکِتٰبَ وَ الۡحِکۡمَۃَ وَ یُزَکِّیۡہِمۡ ؕ اِنَّکَ اَنۡتَ الۡعَزِیۡزُ الۡحَکِیۡمُ۔**

ترجمہ: اے ہمارے ربّ! تو ان میں انہی میں سے ایک عظیم رسول مبعوث کر جو ان پر تیری آیات کی تلاوت کرے اور انہیں کتاب کی تعلیم دے اور (اس کی) حکمت بھی سکھائے اور اُن کا تزکیہ کر دے۔ یقیناً تُو ہی کامل غلبہ والا (اور) حکمت والا ہے۔

تو میرے دل پر یہ القاء ہوا کہ یہ آیت تمام مضامین کی کنجی ہے۔

ذیل میں خلاصہ پیش ہے:

1۔ سورۃ الفاتحہ میں جو طلبِ ہدایت کی دعا سکھائی گئی، سورۃ البقرہ کی ابتدائی آیات میں اسی ہدایت کا ذکر ہے۔ قرآن شریف ہی گزشتہ زمانے کے منعم علیہ گروہ کی ہدایت ہے اور فطرتِ انسانی کی اس پکار پر ربِّ عظیم کی عطاء ہے جو عرشِ الٰہی کو ہلا رہی تھی۔

2۔ قرآن حکیم نے ایک مکمل ہدایت نامہ پیش کیا ہے جو سب مذاہب کی صداقت پر مشتمل ہے۔

3۔ قرآن حکیم کی تعلیم انسان کے اعمال اور اخلاق کی اصلاح کرتی ہے اور تعلق باللہ سے انسان شرفِ مکالمہ اور مخاطبہ پاتا ہے۔

4۔ حقوق اللہ اور حقوق العباد اپنی تمام جزئیات اور تفاصیل سے بیان کیے اور گزشتہ مذاہب اور آئندہ آنے والے ادوار کی سچائیاں اور پیشگوئیوں کا بھی ذکر ہے اور یہ بھی کہ تعلق باللہ کسی زمانہ سے مختص نہیں بلکہ ایک جاری چشمہ فیض ہے جو قرآن مجید اور محمد رسول اللہ ﷺ کی صورت میں دیا گیا ہے اور یہ سدا بہار درخت ہے جو ہمیشہ پھل دیتا رہے گا جو درجہ ایمان اور بے عمل زندگی سے نہیں بلکہ قربانیوں سے نصیب ہو گا۔

5۔ ان آیات میں تین گروہوں کا ذکر قابل توجہ ہے: **مومنین، منافقین اور کفّار**

اسی مضمون کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ مومنین جو کہ ہدایت یافتہ گروہ بھی ہے، کو اندرونی اور بیرونی دشمنوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اندرونی دشمن خاص طور پر وہ منافقین کا گروہ ہے جو مومنین کی ہی صفوں میں شامل ہو کر ان کی ترقیات میں رکاوٹ بنے گا اور نظام کو اندر سے اس طرح کھوکھلا کرے گا کہ ایک امام کے ہاتھ پر جمع ہونے والے وسوسوں کا شکار ہو جائیں گے اور خلافت اور اتحاد پر اکٹھی ہونے والی امّتِ واحدہ میں انتشار پیدا ہو جائے گا۔

6۔ منافقین کے گروہ کی یہ بھی علامت ہے کہ وہ سادہ لوح سچے مومنوں کو معاشرہ میں بیوقوف بنا کر پیش کرے گا اور اپنے آپ کو پڑھے لکھے اور ترقی یافتہ قرار دے کر عام لوگوں کو اپنے جال میں پھنسانے کی کوشش کریں گے۔

7۔ ایک گروہ بزدلوں کا بھی ہو گا جو بظاہر تو ایمان لانے والا ہو گا مگر بزدلی کی وجہ سے وہ منافقین سے ساز باز رکھیں گے مگر منافقین اور بزدلوں کا گروہ "بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ" کے مصداق ٹھہرائے جانے والے ہدایت یافتہ گروہ کو کبھی بھی نقصان نہیں پہنچا سکیں گے۔ یہی گروہ ہے جو ہمیشہ ہدایت کے راستوں کے کھلا ہونے اور وحی اور الہام پر ایمان لانے والا ہو گا۔

8۔ ہدایت یافتہ اور مومنین کا گروہ تمام منافقین اور بزدلوں کے متعلق اس یقینِ کامل کا حامل ہو گا کہ "صُمٌّۢ، بُكْمٌ، عُمْيٌ" کا گروہ یہی منافقت رکھنے والوں کا گروہ ہے جو کہ گونگے، بہرے اور دلوں پر زنگ آلودہ ہیں اور ان کی منافقت اور اندر کے گند سے کوئی ہدایت ان پر اثر نہیں کرتی اور انہوں نے اپنی فطرت کو اس قدر مسخ کر دیا ہے کہ ہدایت کی ہر راہ کو اپنے اوپر بند کر دیا ہے۔ یہ لوگ اپنے آپ کو "وَمَا هُمْ بِمُؤْمِنِيْنَ" کے گروہ میں شامل کرتے ہیں حالانکہ ایمان نام کی ان میں کوئی چیز نہیں اور ان کا یہ ماننا ہوتا ہے کہ ہم اللہ اور مومنین کو دھوکہ دے رہے ہیں لیکن در حقیقت یہی وہ لوگ ہیں جو اپنے آپ کو دھوکہ دے رہے ہوتے ہیں اور دیتے رہیں گے۔

9۔ منافقین کا یہ گروہ جو شیطانی سرگرمیوں میں ملوّث رہتا ہے اور رہے گا، کا جھوٹ اور فریب اللہ ضرور پکڑے گا۔ استہزاء کرنا جھوٹ اور دھوکہ دہی کے زمرے میں آتا ہے اور منافقین اور بزدل لوگ، جو کہ مغضوب علیہ کا گروہ ہے ضرور اللہ تعالیٰ کی پکڑ میں آئیں گے۔ اللہ کا استہزاء سے مراد ان کا جھوٹ ظاہر کرنا اور سزا دینا ہے۔

اس مختصر خلاصہ کے بعد قارئین کے لیے یہ بھی واضح ہو کہ ان آیات کو یاد کرنے کا ارشاد خلیفۂ وقت نے کیا تھا اور جو بھی تحریک خدا کا بنایا ہوا خلیفہ کرتا ہے وہ اپنے اندر یقینی اہمیت پہلے سے ہی لے کر آتا ہے بعینہٖ اس حدیث کے مطابق کہ "اطاعتِ امام دراصل اطاعتِ خداوندی ہے" تو ان کا زبانی یاد کرنا اور روز مرّہ کی زندگی میں اسے پڑھنا در حقیقت خلیفۂ وقت کے ارشاد کی پیروی ہے جو اللہ عزّوجلّ کی خوشنودی کا باعث ہے اور ہدایت یافتہ گروہ میں اس کا شمار ہے، جو کہ مّلتِ واحدہ ہے اور ایک امام کے ہاتھ پر بیعت کرتے ہوئے مومنین کی صفِ اوّل میں شامل ہوتا ہے اور یوں توحیدِ ربّانی اپنی پوری شان سے عالمِ اکناف میں جلوہ گر ہوتی ہے۔ یہی وہ رب عزیز و حکیم و علیم کی قائم کردہ شریعت کا نفاذ ہے جہاں سرورِ کونین کے اعلیٰ و اکمل اور اتم ہونے اور تمام جہانوں کے کے لیے تا قیامت رحمت اللعالمین ہونے کا نظارہ ہے۔

خلاصہ کتاب فتح اسلام

(فہمیدہ سہیل ۔ مجلس اولن ساکر)

مصنّف: حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام

وجہ تصنیف: 1890ء کے آخر میں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے خبر ملی کہ مسیح ابنِ مریم رسول اللہ فوت ہو چکا ہے اور اس کے رنگ میں ہو کر وعدہ کے موافق تو آیا ہے۔ **وَكَانَ وَعْدُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا**

اس بشارت کے بعد آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یکے بعد دیگرے تین کتب لکھیں۔ فتح اسلام۔ توضیح مرام۔ ازالہ اوہام۔ فتح اسلام آپؑ کی پہلی کتاب ہے جس میں اعلان فرمایا کہ آنحضرت ﷺ کی پیشگوئی کے مطابق مسیح موعود جو آنے والا تھا یہی ہے، چاہو تو قبول کرو۔

یہ کتاب 1890ء کے آخر میں تصنیف فرمائی اور 1891ء کے شروع میں شائع ہوئی۔ اس کتاب کے 48 صفحات ہیں۔ مضمون کے آغاز میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے دعویٰ مسیح موعود کے دلائل کو مفصّل بیان کیا ہے۔ اس ضمن میں آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں کہ ہم ایک ایسے تاریک زمانے میں جی رہے ہیں جہاں ایمان برائے نام رہ گیا ہے اور اعمال صالحہ کی بجائے رسومات، اسراف اور ریاکاری کو سچائی کی دلیل سمجھا جانے لگا ہے۔ اسلام کو مٹانے کے لیے عیسائی تعلیم اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ اسلام اور رسول پاک ﷺ کی بُری بُری تصاویر دکھلائی جاتی ہیں اور اس کام میں تمام شرمناک ذرائع استعمال کیے جاتے ہیں۔ اس تاریکی کے دَور میں ضروری تھا کہ کوئی روشنی آسمان سے اترے۔ ہر مصلح اور مجدد لیلۃ القدر میں اتارا جاتا ہے۔ سورۃ القدر میں خدا تعالیٰ نے مومنین کو بشارت دی کہ خدا کا کلام اور اس کا رسول لیلۃ القدر میں نازل کیا گیا۔ لیلۃ القدر اس ظلماتی زمانہ کو کہا جاتا ہے جس میں ظلمت کمال کی حد تک پہنچ جاتی ہے۔ مزید اپنے دعویٰ کی دلیل دیتے ہوئے فرماتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا تھا کہ جس طرح یہودی قوم حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بعد کچھ صدیاں گزرنے کے بعد مختلف قسم کی اعتقادی، اخلاقی اور روحانی کمزوریوں کا شکار ہو گئی تھی، میری امّت بھی یہودی امّت کے نقش قدم پر چلے گی۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سورۃ المزمّل آیت گیارہ کی تشریح کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ یہ آیت واضح کر رہی ہے کہ جس طرح حضرت موسیٰ علیہ السلام کی امّت میں ان کے بعد چودھویں صدی میں ایک مسیح آیا تھا جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے دین کی تبلیغ کے لیے اور ان کی امّت کی اصلاح کے لیے مبعوث ہوا تھا، یہی مماثلت اس بات کا تقاضا کرتی ہے کہ مثیلِ موسیٰ یعنی آنحضرت ﷺ کو بھی ایک مثیل مسیح دیا جائے گا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں کہ ”میرا مثیلِ مسیح ہونا تعجّب کی بات نہیں ہے۔ خدا تعالیٰ ہمیشہ خاصیت اور استعداد کے لحاظ سے ایک کا نام دوسرے کے نام منسوب کرتا ہے مثلاً جو ابراہیم کے دل کے موافق رکھتا ہے، خدا کے نزدیک وہ ابراہیم ہے۔ چنانچہ مجھے بھی خدا نے اس بارے میں ایک دفعہ الہام فرمایا کہ ”فِيْكَ مَادَّةٌ فَارُوْقِيَّةٌ“ آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ایک الہامی رباعی کتاب کے ٹائیٹل پر درج ہے جس میں زمانے کے لوگوں کو آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے دعویٰ کا مضمون سمجھایا ہے کہ جس طرح ایک طبیب کو اس کی قابلیت کی بناء پر اور حسین اور معشوق کو مسیح کا خطاب دیا جاتا ہے بالکل اسی طرح خدا نے روحانی طور پر بعض مماثلتوں کی بناء پر آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو مسیح کا خطاب دیا ہے۔ رباعی کے الفاظ یہ ہیں:

کیا شک ہے ماننے میں تمہیں اس مسیح کے
جس کی مماثلت کو خدا نے بتا دیا

حاذق طبیب پاتے ہیں تم سے یہی خطاب
خوبوں کو بھی تم نے مسیحا بنا دیا

پھر اپنے دعویٰ کی مزید دلیل دیتے ہوئے فرماتے ہیں "قرآن کریم میں خدا نے اپنی کتاب کے متعلق یہ وعدہ فرمایا ہے کہ ہم نے اس کو نازل کیا ہے اور ہم ہی اس کی حفاظت کرنے والے ہیں۔ اسی طرح آنحضرت ﷺ نے خدا سے بشارت پا کر اپنی امّت کو اطلاع دی کہ دینِ محمدیہ کی حفاظت اور اصلاح کے لیے ہر صدی میں خدا ایسے افراد مامور کرے گا اور ان بشارات کے بارے میں اکثریت اس سے مراد مسیح ابنِ مریم کو خیال کرتے ہیں کہ وہ آسمان پر جسمِ خاکی سمیت موجود ہیں اور یہ تصوّر پایا جاتا ہے کہ وہ زمانے کے آخر میں آئیں گے اور دین کی اصلاح فرمائیں گے"۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں "خدا نے مجھے بتایا ہے کہ وہ فوت ہو چکے ہیں۔ عیسائیوں کے خیال میں مسیح کی دوبارہ زندگی کا جو خیال جما ہوا ہے درحقیقت اس کے مذہب کی زندگی کی طرف اشارہ ہے اور جس مسیح کے آنے کی بشارت آنحضرت ﷺ نے دی وہ میں ہوں"۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اپنے دعویٰ کے دلائل کے بعد اپنے بیان کردہ مضمون میں اہلِ اسلام کو اسلام کی فتح کے بارے میں خوش خبری دیتے ہوئے فرماتے ہیں: "سچائی کی فتح ہوگی اور اسلام کے لیے پھر اس تازگی اور روشنی کا دن آئے گا جو پہلے وقتوں میں آچکا ہے اور وہ آفتاب اپنے پورے کمال کے ساتھ پھر چڑھے گا جیسے کہ پہلے چڑھ چکا ہے لیکن ابھی ایسا نہیں۔ ضرور ہے کہ آسمان اسے چڑھنے سے روکے رہے جب تک محنت اور جانفشانی سے ہمارے جگر خون نہ ہو جائیں اور ہم سارے آراموں کو اس کے ظہور کے لیے کھو نہ دیں اور اعزازِ اسلام کے لیے ساری ذلّتیں قبول نہ کرلیں۔ اسلام کا زندہ ہونا ہم سے ایک فدیہ مانگتا ہے، وہ کیا ہے؟ ہمارا اسی راہ میں مرنا یہی موت ہے جس پر اسلام کی زندگی مسلمانوں کی زندگی اور زندہ خدا کی تجلّی موقوف ہے اور یہی وہ چیز ہے جس کا دوسرے لفظوں میں اسلام نام ہے۔

اس خوش خبری کے بعد حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اسلام کی ترقی اور نظام سلسلہ کو چلانے کے لیے خدا سے بشارت پا کر پانچ طریق پر کام کرنے کی احباب کو اطلاع دی۔ آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں "اس کام کے لیے خدا نے مجھے چن لیا ہے اور میری جماعت کو چاہیے کہ میری مدد کریں۔ اس کام کے لیے مالی مدد کی بہت ضرورت ہے تمام احباب کو پوری توجہ کے ساتھ مالی مدد کرنی چاہیے خواہ ماہواری چندہ فرض کرلیں یا یکمشت ادا کر دیں لیکن بہتر ہے کہ یہ ہر ماہ دیتے رہیں تاکہ اس کارخانے کا نظام چلتا رہے۔ ان پانچ شاخوں میں سے پہلی شاخ تالیف و تصنیف کا سلسلہ ہے۔ اسلام کی سچائی کو ثابت کرنے، مخالفینِ اسلام کے وساوس کا ازالہ کرنے کے لیے لوگوں میں اسلام کی پاکیزگی اور خدا کی محبت پیدا کرنے کے لیے خدا کے ملائکہ اور روح القدس کی تائید سے جو معارف مجھے عطا کیے جائیں گے وہ ان تالیف و تصنیف کے ذریعے لوگوں تک پہنچاؤں گا"۔

"دوسری شاخ وقتی اور ہنگامی اور فوری حالات کے پیشِ نظر اشتہارات کا سلسلہ شروع کیا ہے اور کئی ہزار اشتہارات دنیا میں تقسیم کر چکا ہوں۔ تیسرا سلسلہ ہزارہا افراد اس پیغام کو دنیا میں پھیلنے کے بعد کشاں کشاں میرے پاس آتے ہیں اور اپنے دل کے امراض کا میرے پاس ذکر کرتے ہیں۔ جب وہ میرے روبرو بیٹھتے ہیں تو میں ان کے دل کا حال جان کر ان کے مناسب حال کچھ سمجھاتا ہوں۔ انبیاء کے طریق پر میری تقریر ہے۔ خدا نے جو میری زبان میں تاثیر رکھی ہے وہ دلوں پر اثر کرتی ہے"۔

چوتھی شاخ خطوط کا سلسلہ ہے۔ جو کہ دور دراز لوگ بیٹھے ہیں ان کو میں آسمانی حقائق کی اطلاع دوں۔

پانچویں شاخ بیعت کا سلسلہ ہے۔ خدا نے فرمایا کہ جو شخص تیرے ہاتھ میں ہاتھ دے گا اس نے تیرے ہاتھ میں نہیں بلکہ خدا کے ہاتھ میں ہاتھ دیا"۔

ان شاخوں کو بیان کرنے کے بعد حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں کہ "بیعت تو ہر قسم کے لوگ کر سکتے ہیں لیکن میرے دوست اور عزیز وہی ہیں جو مجھ پر یقین رکھتے ہیں۔ مجھ میں کون داخل ہوتا ہے، وہی جو بدی کو چھوڑتا ہے، نیکی کو اختیار کرتا ہے، کجی کو چھوڑتا ہے اور راستی پر قدم مارتا ہے اور شیطان کی غلامی سے آزاد ہوتا ہے اور خدا تعالیٰ کا ایک بندہ مطیع بن جاتا ہے۔ ہر ایک ایسا جو کرتا ہے وہ مجھ میں ہے اور میں اس میں ہوں"۔ مزید فرماتے ہیں "اور ساتھ ہی میں شکر ادا کرتا ہوں کہ خدا نے مجھے اکیلا نہیں چھوڑا اور مجھے صدق سے بھری روحیں عطا کیں"۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس سلسلے میں سب سے پہلے خلیفہ اوّل مولوی حکیم نورالدین رضی اللہ عنہ کا ذکر فرمایا۔ آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں "نام ان کا نورِ اخلاص کی طرح نور دین ہے۔ میں ان کی بعض دینی خدمتوں کو جو اپنے مال حلال کے خرچ سے اعلائے کلمۂ اسلام کے لیے وہ کر رہے ہیں میں ہمیشہ حسرت کی نظر سے دیکھتا ہوں کہ کاش وہ مجھ سے بھی ادا ہو سکتیں"۔

پھر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے بعض اور رفقاء کا بھی ذکر کیا ہے جس میں سب سے پہلے شیخ محمد حسین مراد آبادی کے ذکرِ خیر میں فرماتے ہیں "میں انہیں مراد آباد کے لیے شمع منوّر سمجھتا ہوں"۔ پھر حکیم فضل الدین بھیروی کے تعلق میں فرماتے ہیں "وہ میرے سچے خیر خواہ اور دلی ہمدرد اور حقیقت شناس مرد ہیں۔ میں ان کی فراستِ ایمانی سے متعجّب ہوں۔ ان کے ارادے کو خدا تعالیٰ کے ارادے سے توارد (ناقل۔ ایک ہی مضمون دوسرے کے ذہن میں بھی آجانا) ہو گیا ہے۔ وہ ہمیشہ درپردہ خدمت کرتے رہتے ہیں"۔

مرزا عظیم بیگ صاحب مرحوم کے بارے میں لکھتے ہیں "مرزا صاحب بہت قلیل البضاعت (ناقل۔ کم سرمایہ دار) آدمی تھے مگر ان کی نگاہ میں دینی خدمتوں کے محل پر جو ہمیشہ کرتے رہتے تھے خاک سے زیادہ مال بے قدر تھا"۔

اپنے رفقاء کے ذکرِ خیر کے بعد حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کتاب کے آخر میں فرماتے ہیں "یہ سلسلہ خدا کی طرف سے ہے اس کا میں تفصیلی ذکر کر چکا ہوں۔ اب یہ تمہارے اختیار میں ہے کہ میری باتوں کو یاد رکھو یا لوحِ حافظہ سے بھلا دو"۔ اس کے بعد اپنے مضمون کا خلاصہ ایک فارسی نظم کی صورت میں بیان کیا ہے۔

شِفاء اور شَفاء میں کیا فرق ہے

شِفَاء: کا مطلب ہے **صحت، تندرستی**

شَفَاء: کا مطلب ہے **موت، گڑھا، کنارہ**

حوالہ: وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ (بنی اسرائیل:82)

"اور ہم قرآن میں وہ چیز نازل فرما رہے ہیں جو ایمان والوں کے لیے شِفاء اور رحمت ہے۔"

وَكُنْتُمْ عَلٰى شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَاَنْقَذَكُمْ مِّنْهَا ؕ (آل عمران:103)

"اور تم لوگ آگ کے گڑھے کے کنارے پر تھے تو اس نے تم کو اس سے بچا لیا۔"

اہرامِ مصر

(ربیعہ عبدالسلام – مجلس للّٰے سترم)

اہرامِ مصر کو دیکھنے کے بعد انسان ضرور اس سوچ میں گم ہوتا ہے کہ آخروہ کیا عوامل پیش نظر رہے کہ یہ بلند و بالا عمارات تعمیر کی گئیں۔ مصری بادشاہ یعنی فرعون اپنی تخت نشینی کے ساتھ ہی ہرم کی تعمیر شروع کروادیا کرتے تھے۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ہر فرعون اپنی ممی کو محفوظ رکھنے کے لیے یہ اہرام نما مقبرے بنواتے تھے۔ اہرامِ مصر کی تاریخ تین ہزار سال سے لے کر ساڑھے چار ہزار سال پرانی بتائی جاتی ہے۔ اس میں سب سے اونچے ہرم کی اونچائی 481فٹ تھی جو وقت کی شکست وریخت نے 30فٹ تک کم کر دی ہے۔

اب تک جو بھی اہرام دریافت ہوئے ہیں وہ دریائے نیل کے مغربی کنارے کے ساتھ ساتھ ملے ہیں جس کے بارے میں تحقیق دانوں کا کہنا ہے کہ اس زمانہ اور علاقہ کے لوگ سورج کے پجاری تھے اور اسی نسبت سے وہ مرنے والوں کے لیے مغربی سمت کو صحیح جانتے تھے اور سمجھتے تھے کہ مغربی سمت میں مرنے والوں کے لیے آگے کی دنیا آباد ہے۔ اسی لیے ان اہرام میں نہ صرف بادشاہی آباؤ اجداد کی حنوط شدہ لاشیں ملی ہیں بلکہ مصری ان اہرام میں ہر طرح کے آرام وآسائش کی اشیاء بھی رکھا کرتے تھے تاکہ مرنے والے کی آگے کی زندگی پر سکون گزرے۔ اسی غرض کے تحت سلاطینِ مصر کے آخرت کے سفر کے آرام و سکون کے لیے ان مقبروں پر تصاویر بھی نقش کی گئی ہیں۔

ان اہراموں میں سب سے پرانا ہرم مصر میں سقارہ نامی جگہ پر ملا ہے، جو''یوسر''نامی فرعون کے لیے بنایا گیا تھا۔ یہ ہرم ساڑھے چار ہزار سال پرانا ہے۔

ایک تحقیق کے مطابق 2008ء میں مصر میں 138 اہرام ملے ہیں۔ ان اہرام میں سب سے مشہور سلسلہ غزہ کے مقام پر ملا ہے جو کہ مصر کے دارلخلافہ قاہرہ کے ساتھ واقع ہے۔ اس میں سب سے بڑا ہرم چیپس ہرم ہے جو کہ دنیا کے سات عجوبوں میں سے ایک مانا جاتا ہے۔ اہرامِ مصر کی بنیادیں اگرچہ مربع شکل میں ہیں جب کہ اس کے پہلو تکون ہیں اور یہ تکونیں اونچائی پر پہنچ کر ایک دوسرے سے مل جاتی ہیں۔

تاریخ دانوں کے ایک اندازے کے مطابق ہر ہرم کی تعمیر کو پورا کرنے کے لیے بیس ہزار لوگ بیس سال تک کام کرتے رہے ہوں گے۔ اس کو بنانے میں 25لاکھ کے قریب پتھر کے بلاک استعمال ہوئے ہیں۔ یہاں یہ بات بھی قابلِ غور ہے کہ یہ بلاک کس قسم کے ہیں، مٹی سے بنے ہوئے ہیں یا کسی اور طرز سے ان کو بنایا گیا تھا اور اگر ان کو خود انسان نے تراشا تھا تو وہ اوزار کیوں نہیں ملے؟ اس بات کا جواب ناممکن ہے۔ صدیوں سے ماہرین اس سوال کا جواب تلاش کر رہے ہیں کہ آخر اس وقت کے کاریگروں نے وہ کون سا طریقہ اپنایا کہ اڑھائی ٹن تک وزنی پتھروں کو اتنی اونچائی تک پہنچانے میں کامیاب رہے۔ کوئی بھی تاریخ دان اس بات کا اندازہ لگانے سے قاصر ہے کہ کس طرح اتنی زیادہ تعداد میں پتھر ایک جیسے تراشے گئے اور آیا یہ ممکن ہے کہ ان کو اس

طرز پر تراش کر اتنی اونچائی تک لے جایا جائے، اسی لیے اہرامِ مصر کا طرزِ تعمیر تاریخ دانوں کے لیے آج بھی حیران کن ہے کیونکہ یہ اس زمانے کی بات ہے جس میں کسی قسم کی جدید تعمیری مشینری نہیں پائی جاتی تھی، تو قدیم انسان کیوں کر اس قدر بلند اور بالا تعمیری کام کرنے میں کامیاب رہا اور اپنی باقیات چھوڑیں۔ جب کہ قرآن پاک میں اس کا ذکر کچھ یوں آیا ہے:

"پس آج کے دن ہم تجھے تیرے بدن کے ساتھ نجات بخشیں گے تاکہ تو اپنے بعد آنے والوں کے لیے ایک عبرت بن جائے۔ حال یہ ہے کہ انسانوں میں سے اکثر یقیناً ہمارے نشانات سے بالکل غافل ہیں"۔ (یونس:93)

اس آیت کی تفسیر میں حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ لکھتے ہیں کہ "حضرت موسیٰ علیہ السلام کا پیچھا کرتے ہوئے فرعون کی لاش پانی میں غرق ہونے کے بعد بھی آج تک مصر کے عجائب گھر میں محفوظ ہے۔ یقیناً یہ خدا کی حکمت ہے کہ اس نے بعد میں آنے والوں کے لیے یہ باقیات محفوظ رکھیں تاکہ لوگ ان پر غور و فکر کریں اور عبرت حاصل کریں"۔ (تفسیر صغیر از حضرت مرزا بشیر الدین محمود)

مگر ایک تحقیق کے مطابق اہرامِ مصر مٹی کے ہی بلاک بنا کر تعمیر کیے گئے ہوں گے کیوں کہ اہرام کے بلاکس کی تحقیق سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ ان بلاکس میں دریائے نیل کی مٹی استعمال ہوئی ہے اور تحقیق کے مطابق ان پتھروں میں پانی اور ہوا کے بلبلے موجود ہیں جو کہ ممکن ہے اس وقت پیدا ہوئے ہوں جب مٹی کو سانچوں ڈالا جا رہا ہو گا۔ عام طور پر یہ بلبلے پانی کی تبخیر کے وقت پیدا ہوتے ہیں۔ اس موقع پر سورۃ القصص کی آیت 39 ذہن میں آتی ہے جس میں کہا گیا ہے کہ "اے ہامان تو میرے لیے مٹی کو آگ میں پکا"۔ (القصص:39)

سائنس دانوں نے اہرامِ مصر کے مٹی سے بنائے جانے کی تھیوری کو 1981ء میں پیش کیا اور 2006ء میں دوسرے سائنس دانوں نے اس کو ثابت کیا۔

Wikipidia.no#pyarmids#AhramMisr#Egypt (Youtube)

"لجنات حضورِ انور کے ارشاد کے مطابق روزانہ دو نوافل کا التزام کریں۔
جماعت ناروے نے نفلی روزہ کے لیے ہر سوموار کا دن مقرر کیا ہوا ہے۔"

!

) $ (' & % $ " !

/ . - , + *

KJI= H 8 G A F E >D4!C . 3 B 'A@?>=< ; :98 6 %543 2

`@E>% _ V@ ^ >]\ [% @EYXWV@EUT S RPONM L

kghij + * fed c b

A@Eev u t s r q !pon 3 2 m l

$. 8 QŠ%‰^%‡ $ 3!4 †%… „ ƒ , 3 • / €%• ~ !}| { z y x RwO! %!

$ KšTMz • . ('% ˜ $ —• ” “ % ’% ‘ $. ('% >•% • Ž•=Œ ‹

kgh « g ª 3© ¨ b

`ž § •¦ ¥ ¤£% ¢ ¡ z4!R ŸAžYC • zœ ` ›

@Eev :98 ° %¯ ® - ¬ 3 2 m l

’À %¿`¾½Y¼» y ³ •8 L º!-%¹A / ´ ! { ¸ · ¶ µ ´ ! L y ³ ² V ±

Ñ L = Ðœ Ï¶ µ Î•Í Ì % ¿ L § Ëœ ¶ / Å Ä!ÃÈÅ Ä!Ã-%¿¶ / ’Áz%ÂRÁ%

kÔiÔhgÓ Ò b

`@

áà] ß : 98]Þ Ý Ü - ¬ Û Ù Ø Ö 3 2 !Ä%

L Kê '•3o% 3éèC ± `ç% µ æ Î•L • •º!% @Gåä ' ' ã â Ï

ö î :98 ˜ $ õô ó L î e|œ ñ / Â! î 8 -èœ ð ïz î YG í >Qì ë '

/ Â! î !!ÿ þ 4œ $. 3 B 'ð ïz î > ý ü•=û ú]!Â|MKùø|÷ ± ` /

kÔ'jii&%iiÓ Ò b

` / Â'> $ =û ^ # |MÂ"O

+ *]!o|') (

` / ?½ 3 | '2% / À½Y 1 0M î / >. -%! L ,

`6 -%: ¹ ˜ $ 9 !Â6 5 8 7 Â6 5&IVYÍ%'4

` / ?½Y% !@ ? M > >å=K< L];

`M %>LìKE L KCœ >QÃ J I HVG½ ’ŠM f • -!FKE •KDCÂBA

انجیر کا حلوہ

(آسیہ منصور – مجلس بیت النصر)

اشیاء:

انجیر – 250 گرام
چینی – آدھا کپ
بادام کٹے ہوئے – دو کھانے کے چمچ

سوجی – تین چوتھائی کپ
کھویا – ایک کپ
پستی – کٹا ہوا، دو کھانے کے چمچ

گھی – آدھا کپ
سبز الائچی کا پاؤڈر – آدھا چائے کا چمچ

ترکیب: انجیر کو گرم پانی میں دو گھنٹے کے لیے بھگو دیں۔جب انجیر نرم ہو جائیں تو ان کو نکال کر آدھا کپ پانی شامل کر کے اس کی پیسٹ بنا لیں۔ پھر گھی کو گرم کر کے اس میں سوجی کو ہلکا سا کلر آنے تک بھونیں پھر اس میں انجیر کا پیسٹ ڈال کر دو منٹ تک بھونیں۔ اس کے بعد چینی شامل کر کے دو منٹ مزید بھونیں، پھر بادام، پستہ اور الائچی پاؤڈر ڈال کر ایک منٹ تک بھونیں۔ آخر میں کھویا ڈال کر مکس کر لیں۔ تھوڑا سا کھویا اور پستہ بادام گارنش کے لیے پہلے نکال لیں۔ حلوے کو ڈش میں نکال کر کھویا، پستہ اور بادام سے گارنش کریں۔

پالک اور مکئی کا پلاؤ

(سرور مبارک – مجلس نور ستر اند)

اشیاء:

چاول – 1 1/4 کپ
ادرک – ایک انچ کا ٹکڑا
تیل – 1 1/2 ٹیبل سپون
لونگ – 2 عدد
کالی الائچی بڑی – 2عدد
لیمن جوس – 1 ٹیبل سپون

پالک – 2 میڈیم سائز کے بنڈل
سبز مرچیں – 2-3عدد
زیرہ ثابت – 1 – ٹیبل سپون
کالی مرچ ثابت – 5 عدد
دار چینی – ایک انچ کا ٹکڑا
نمک – حسب ذائقہ

مکئی کے دانے – 3/4 کپ
لہسن – 4-6عدد جوئے
تیز پتا – 1 عدد
سبز الائچی – 2عدد
جائفل – 1 ٹکڑا

ترکیب: چاولوں کو دھو کر آدھے گھنٹے کے لیے بھگو دیں۔اس کے بعد پالک کو کاٹ کر دھو لیں۔ لہسن اور ادرک کو چھیل کر باریک باریک کاٹ لیں۔ سبز مرچوں کو درمیان سے کاٹ کر ان کے بیج نکال کر ان کو دو حصوں میں کاٹ لیں۔ اب فرائی پین میں تیل ڈال کر گرم کریں اور اس میں زیرہ ڈال کر براؤن کر لیں۔ پھر اس میں تیز پتا، لونگ، کالی مرچ، سارے مصالحے ڈال کر فرائی کریں اور اس کے بعد اس میں باریک کٹا ہوا ادرک، لہسن اور سبز مرچیں ڈال کر میڈیم حرارت پر ایک منٹ تک پکائیں۔ اس کے بعد مکئی کے دانے ڈال کر 2 سے 3 منٹ تک پکائیں۔ اب اس میں چاول ڈال کر آہستہ آہستہ ایک منٹ پکائیں اور 21/2 کپ پانی ڈال دیں نمک بھی حسب ذائقہ ڈال دیں۔ اب اس میں پالک کے کٹے ہوئے پتے ڈال دیں اور اچھی طرح مکس کریں۔ چاولوں کو پکنے دیں، جب چاولوں کی رنگت براؤن ہونے لگے تو اس میں لیمن جوس ڈال کر حرارت کم کر کے 5 سے 7 منٹ دم پر لگا دیں۔ پالک اور مکئی کا مزے دار پلاؤ تیار ہے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ ناروے کی واقفاتِ نو کی کلاس 28 ستمبر 2011ء



(نبیلہ چیمہ – از شعبہ واقفات)

واقفینِ نو کو اپنی نمازوں کے بارہ میں جائزہ لینا چاہیے

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا: ’’آپ لوگوں نے بڑے اچھے عناوین چنے ہیں۔ پہلے نماز کی اہمیت کے بارہ میں مضمون تھا لیکن میں نے جائزہ لیا ہے کہ مضمون تو پڑھ لیتے ہیں لیکن جب پوچھا جائے کہ پانچ نمازیں کس کس نے پڑھی ہیں تو بہت کم ہوتے ہیں پڑھنے والے۔ نمازوں میں سستی کرتے ہیں۔ صرف مضمون پڑھنے سے فرض پورا نہیں ہو جاتا۔ واقفینِ نو کو اپنا جائزہ لیتے رہنا چاہیے۔ سونے سے قبل اپنا جائزہ لیں کہ کیا ہم نے پانچ نمازیں ادا کر لی ہیں۔ اس طرح آپ کو خود پتہ لگ جائے گا کہ ہم کس حد تک پابندی کر رہے ہیں‘‘۔

نماز برائی سے روکتی ہے لیکن بہت سے نمازیں پڑھنے والے ایسے لوگ ہیں، مسلمانوں کے بچے ہیں جو آکر مسجد پر پتھر، گند اور پمفلٹ وغیرہ پھینک جاتے ہیں۔ اب ان کو نماز برائی سے نہیں روک رہی۔ اللہ تعالیٰ نے تو یہ فرمایا ہے کہ خالص ہو کر میرے پاس آؤ۔ میں تمہارا ہر کام، ہر فعل دیکھ رہا ہوں، ہر حرکت دیکھ رہا ہوں۔ تو صاف دل اور خلوصِ نیّت کے ساتھ پڑھی جانے والی نمازیں برائیوں سے روکتی ہیں۔ جن کاموں سے منع کیا ہے ان سے رک جاؤ تو تب فائدہ ہو گا۔ کسی کے تقریر کرنے یا ایک سال بعد مضمون پڑھنے سے فائدہ نہیں ہو گا۔ جو دس سال سے اوپر ہیں ان سب پر نماز فرض ہے۔ اگر وہ نماز نہیں پڑھتے اور ان کے ماں باپ ان کو جگاتے ہیں اور یہ آگے سے ہوں ہاں کر کے سو جاتے ہیں تو یہ غلط چیز ہے۔ آنحضرت ﷺ اتنے رحم دل تھے کہ آپ ﷺ سے کسی کی کوئی تکلیف برداشت نہ ہوتی تھی تو آپ ﷺ نے ایک موقع پر فرمایا کہ جو لوگ نمازوں پر نہیں آتے میرا دل چاہتا ہے کہ لکڑیوں کا ایک گٹھا لوں اور ان کے گھروں کو آگ لگا دوں۔ اس زمانے میں بھی بعض لوگ مسجد میں نہیں آتے تھے۔ مجلسیں لگاتے تھے تو نمازیں رہ جاتی تھیں۔ آج کل بھی ٹی وی ہے، ڈرامے ہیں، انٹرنیٹ ہے، رات دیر تک یہ چیزیں دیکھتے رہتے ہیں اور پھر فجر پر آنکھ نہیں کھلتی‘‘۔

وقفِ نو ٹائٹل نہیں ہے

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا ’’آپ سب کو ہمیشہ یاد رکھنا چاہیے کہ آپ وہ لوگ ہیں جن کے ماں باپ نے پیدائش سے قبل وقف کیا تھا تاکہ جماعت کو خوبصورت تحفہ پیش کریں جو جماعت کی خدمت کرنے والا ہو۔ قرآن کریم کی تعلیم پر عمل کرنے والا ہو۔ اگر یہ احساس آپ لوگوں میں پیدا نہیں ہوتا، اگر یہ جذبہ پیدا نہیں ہوتا تو وقفِ نو کے ٹائٹل لگ جانے سے تو کوئی فائدہ نہیں‘‘۔

والدین کا احسان

حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا"دوسرا مضمون یہ پڑھا گیا ہے کہ ہم احمدی کیوں ہیں۔ اصل بات یہ ہے کہ آپ اپنے عملی نمونے دکھائیں۔ آپ کے باپ دادا کو توفیق مل گئی، والدین کو توفیق مل گئی تو انہوں نے مان لیا لیکن وقفِ نو میں سے تو کوئی ایسا نہیں ہو سکتا جس نے قبول کیا ہو۔ پس یہ احسان جو ماں باپ، باپ دادا کا ہے ہمیشہ یاد رکھیں کہ انہوں نے احمدیت قبول کی اور احمدیت پر قائم رہے"۔

سچ کی اہمیت

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا"ہمیں ان نمونوں پر چلنا ہو گا جو آنحضرت ﷺ نے قائم فرمائے۔ عرب کے بگڑے ہوئے لوگ چور تھے، ڈاکو تھے، قاتل تھے، شرابی تھے لیکن وہ ایسے نیک بن گئے کہ ہر برائی چھوڑ دی اور سچائی کو ایسا اختیار کر لیا کہ ان کے ہر قول و فعل میں سچائی تھی۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا جو سچ نہیں بولتے اور جھوٹ بولتے ہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ ان کو خدا پر یقین نہیں ہے۔ جھوٹ سے کام لینے والا شرک کرنے والا ہے۔ خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ سارے گناہ بخش سکتا ہوں لیکن شرک نہیں"۔

مرکز آپ کو ہدایت دے گا کہ آپ نے آئندہ کیا کرنا ہے

حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا"وقفِ نو والے گہرائی میں جا کر سوچیں کہ کس طرح ہم نے زندگی گزارنی ہے، کس طرح دین کا پیغام پہنچانا ہے۔ بہت سارے ایسے ہیں جو جامعہ نہیں جا سکیں گے اور دوسرے فیلڈز میں جائیں گے۔ آپ نے پڑھائی مکمل کر کے اپنے آپ کو جماعت کے لیے پیش کرنا ہے۔ اپنی تعلیم مکمل کرنے کے بعد آپ نے جماعت سے یہ پوچھنا ہے کہ ہم نے اپنی پڑھائی مکمل کر لی ہے اب ہمارے لیے کیا ہدایت ہے۔ ہم اپنے آپ کو جماعت کی خدمت میں پیش کرتے ہیں۔ اس کے بعد مرکز آپ کو ہدایت دے گا کہ آئندہ آپ نے کیا کرنا ہے۔ اگر کوئی یہ کہے کہ میں نے پائلٹ بننا ہے تو جماعت کو تو اس کی ضرورت نہیں ہے۔ ہاں اگر کسی کو بہت شوق ہے تو باقاعدہ اجازت لے لے۔ جب جماعت کے جہاز ہوں گے تو ضرورت ہو گی لیکن اب ضرورت نہیں ہے"۔

حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ "بعض لوگ کہتے ہیں کہ ہم نے بزنس کرنا ہے لیکن اس کا فیصلہ خلیفہ وقت کرے گا کہ آیا کہ آپ نے جماعت کی خدمت کرنی ہے یا کوئی دوسرا کام کرنا ہے، کسی کمپنی میں کام کرنا ہے۔ ہر لیول پر آپ کو پوچھنا چاہیے کہ کیا کرنا ہے۔ **جماعت کو ڈاکٹرز، انجینئرز، ٹیچرز، میڈیا اور مختلف زبانوں میں ٹرانسلیشن** کے کام کرنے والوں کی ضرورت ہے۔ آپ کو فائدہ اسی تعلیم کا ہو گا جو جماعت کی مرضی سے آپ حاصل کریں گے۔ ناروے کے واقفینِ نو یاد رکھیں کہ اگر ان کے ذہن میں ہے کہ ناروے کے واقفین ناروے میں ہی رہیں گے تو ایسا نہیں ہو گا۔ جہاں جماعت کو ضرورت ہو گی وہاں بھیج دیا جائے گا۔ اس چیز کو ہمیشہ اپنے سامنے رکھیں"۔

(الفضل انٹرنیشنل 2 دسمبر 2011ء)

اُمّ المؤمنین حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

(آصفہ کوکب ۔ مجلس بیت النصر)

ہمارے پیشوا حضرت محمد ﷺ سب سے بہترین رہنما و ہادی ہیں۔ آپ ﷺ کی پاک صحبت اور بہترین تربیت کا ہی نتیجہ تھا کہ آپ ﷺ کی ازواجِ مطہرات نے اپنی زندگی میں نہ صرف تقویٰ و طہارت کے اعلیٰ نمونے قائم کرکے دکھائے بلکہ نبی اکرم ﷺ کے دینی مقاصد میں ہمیشہ مدد و معاون ثابت ہوئیں۔ اس شمارہ میں ہم ازواجِ مطہرات میں سے اُمّ المؤمنین حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا ذکر کریں گے۔

اُمّ المؤمنین حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت حارث کا تعلق قریش کی شاخ بنو ہلال سے تھا۔ آپؓ کی والدہ ہند بنت عوف تھیں۔ اُمّ المؤمنین حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا اصل نام برّہ تھا جسے آپ ﷺ نے ناپسند فرماتے ہوئے بدل کر میمونہ رکھ دیا۔ جیسا کہ روایات سے پتہ چلتا ہے کہ اس تبدیلی میں بہت گہری حکمتیں ملحوظِ خاطر تھیں۔ اوّل یہ کہ برّہ نام جس کے معنی سراپا نیکی کے ہیں اظہارِ بڑائی یا تکبّر کا ذریعہ نہ بن جائے۔ جیسا کہ ایک روایت میں ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ارشاد لَا تُزَكُّوا أَنفُسَكُمْ کی تعمیل میں کمال احتیاط مقصود تھی کہ اپنے آپ کو پاک نہ ٹھہرایا کرو۔ دوسرے ایسے نام کے بے محل استعمال کو بھی اچھا شگون نہیں سمجھا جاتا تھا جیسے کوئی کہے کہ برّہ (یعنی نیکی) گھر میں نہیں ہے۔

حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی شادی زمانہ جاہلیت میں مسعود بن عمرو بن عمیر سے ہوئی تھی۔ ان سے طلاق کے بعد آپؓ ابو رہم بن عبدالعزیٰ کے عقد میں آئیں پھر ان سے بھی علیحدگی ہوگئی۔ رسول اکرم ﷺ کے ساتھ حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی شادی کا واقعہ عمرۃ القضاء سات ہجری کے بعد کا ہے اور یہ شادی حضور ﷺ کی آخری شادیوں میں سے تھی۔ روایات کے مطابق جب رسول اکرم ﷺ معاہدہ حدیبیہ کے مطابق عمرۃ القضاء کے لیے تشریف لائے اسی زمانہ میں حضرت جعفر بن ابی طالبؓ کی بھی ہجرت حبشہ سے واپسی ہوئی تھی جن کی بیوی حضرت اسماء حضرت میمونہ کی بہن تھیں۔ حضور ﷺ نے یہ دیکھا کہ میمونہ جیسی معزّز مسلمان خاتون مکہ میں خاوند سے علیحدگی کے بعد اکیلی رہ گئی ہیں تو آپ ﷺ نے حضرت جعفرؓ سے مشورہ کیا کہ اگر میمونہ پسند کریں تو آنحضرت ﷺ ان سے عقد کرلیں۔ حضرت جعفرؓ نے اپنے چچا حضرت عباسؓ سے اس کا ذکر کیا اور اسی موقع پر آنحضرت ﷺ سے حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح ہوگیا۔

آنحضرت ﷺ نے معاہدہ حدیبیہ کے مطابق عمرہ کے لیے مکہ میں صرف تین روز قیام کرنا تھا اور معاً بعد سرف مقام میں حضور اکرم ﷺ نے احرام کھولا اور حضرت میمونہ سے نکاح ہوگیا۔ مکہ میں تیسرے دن مشرکین مکہ کا ایک وفد حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ تین دن پورے ہوچکے ہیں اس لیے اب آپ ﷺ کو معاہدہ کے مطابق مکہ سے کوچ کر جانا چاہیے۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ آپ کو معلوم ہے کہ میں نے میمونہ سے شادی کی ہے۔ اگر آپ اور ایک دن مزید رکنے کی اجازت دے دیں تو میں آپ سب کو دعوتِ ولیمہ میں شامل کرنا چاہوں گا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں آپ ﷺ کی دعوت کی کوئی ضرورت نہیں ہے بس آپ ﷺ وعدہ کے مطابق مکہ خالی کردیں۔ چنانچہ آپ ﷺ شہر سے باہر تشریف لے گئے اور سرف مقام پر جاکر حضرت میمونہ کے ساتھ آپ ﷺ نے قیام فرمایا جہاں شادی اور ولیمہ کی تقریب بھی ہوئی اور اس کے اگلے روز آپ ﷺ مدینہ روانہ ہوگئے۔

رسولِ کریم ﷺ اور امّ المؤمنین حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا باہمی تعلق بہت ہی پیار و محبت کا تھا۔ حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے رسولِ کریم ﷺ سے چھیالیس کے قریب احادیث روایت کی ہیں۔ حضرت میمونہ کی روایات سے آپ ﷺ کا ازواج کے ساتھ حسنِ سلوک کا ذکر بھی کثرت سے ملتا ہے۔

حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے رسول اللہ ﷺ کی وفات کے 56 سال بعد 82 برس کی عمر میں وفات پائی اور اس وقت انہوں نے اپنے گرد کے لوگوں سے درخواست کی کہ جب میں مر جاؤں تو مکہ کے باہر ایک منزل کے فاصلہ پر اس جگہ جہاں رسول کریم ﷺ کا خیمہ تھا اور جس جگہ پہلی دفعہ مجھے آپ ﷺ کی خدمت میں پیش کیا گیا تھا میری قبر بنائی جائے اور اس میں مجھے دفن کیا جائے۔ چنانچہ حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی خواہش کے مطابق اسی جگہ سرف کے مقام پر ان کا مزار بنایا گیا۔

https://www.alislam.org/urdu/book/

نوٹ: شعبہ واقفات کی طرف سے ازواج مطہرات کی سیرت کا سلسلہ جولائی تا ستمبر 2018ء کے زینب سے جاری ہے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعض نسخے

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں: آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب مریضوں کی عیادت فرماتے تو بعض اوقات بعض نسخے بھی تجویز فرمایا کرتے تھے۔ ان کا روایات میں ذکر ملتا ہے۔ چند ایک کا میں ذکر کرتا ہوں۔ یہ اس بات کا مزید ثبوت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو مریضوں کی کتنی فکر رہا کرتی تھی۔ ان کے علاج معالجے، خوراک وغیرہ کا بھی خیال رکھتے تھے اور بعض بیماریوں کا علاج بھی فرمایا کرتے تھے۔

کلونجی: اُمّ المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا روایت کرتی ہیں کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ اس سیاہ دانے یعنی کلونجی میں ہر مرض سے نجات دینے کے لیے شفا رکھ دی گئی ہے سوائے موت کے۔ (بخاری، کتاب الطب، باب الحبۃ السوداء)

انجیر: ایک نسخہ کا روایت میں یوں ذکر ملتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ انجیر کھایا کرو۔ پھلوں میں سے بڑا اچھا پھل ہے۔ اگر میں یہ کہوں کہ جنت سے ایک پھل نازل ہوا ہے تو میں یہ کہوں گا کہ انجیر جنت سے آنے والا ایسا پھل ہے جس میں گٹھلی نہیں ہے۔ پس اس کو کھاؤ کیونکہ یہ بواسیر کے مرض کو دور کرتا ہے اور نقرس (Gout) کے مرض میں بھی نفع بخشتا ہے۔ جن کو گاؤٹ کے مرض کی تکلیف ہوتی ہے اس کے لیے بھی اچھا ہے۔ (کنزل العمال، کتاب الطب، الباب الاوّل، الفصل الاول التین من الاکمال، حدیث نمبر 28280)

کشمش: پھر ایک نسخے کا ذکر ہے؛ کشمش کے بارے میں آتا ہے کہ اس کا استعمال کرنا چاہیے کیونکہ یہ کڑواہٹ کو دور کرتا ہے، بلغم کو دور کرتا ہے، اعصاب کو مضبوط کرتا ہے، لاغرپن کو دور کرتا ہے، اخلاق کو عمدہ کرتا ہے۔ دل کو فرحت بخشتا ہے اور غم کو دور کرتا ہے۔ (کنزل العمال، کتاب الطب، الباب الاوّل، الفصل الاول، الزبیب حدیث نمبر 28265)

اس بارے میں بھی بڑے لوگوں نے تجربہ کیا ہے۔ بعضوں نے عرق گلاب میں ڈبو کر کشمش کھائی ہے اور جن کے دل کی نالیاں بند تھیں اور ڈاکٹر بائی پاس آپریشن تجویز کر رہے تھے وہ اللہ کے فضل سے کھل گئیں۔ اس تجربے کو کئی لوگوں نے مجھے بتایا ہے۔

زیتون: پھر زیتون کے بارے میں آتا ہے کہ اس کی مالش کیا کرو کیونکہ اس میں جذام سمیت ستّر امراض کے لیے شفا ہے۔ کھایا بھی کرو۔ (کنزل العمال، کتاب الطب، الباب الاوّل، الفصل الاول اشیاء متفرقۃ حدیث نمبر 28299)

